آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 20 اگست 2020ء بمطابق 28 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 226

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

2 سال کے دوران تمام شعبوں پر یکساں ترقی دی گئی، بلوچستان حکومت

موجودہ حکومت نے کرپشن کا خاتمہ کردیا ہے، بلکہ 2 سالوں کے دوران تمام شعبوں پر یکساں ترقی دی گئی ہے بلکہ سیاست کی بجائے ضروریات کی بنیاد پر حکومتی و اپوزیشن حلقوں میں یکساں منصوبے دیئے گئے ہیں

بلوچستان میں آباد کسی بھی زبان یا قوم سے تعلق رکھنے والا بلوچستانی ہے اور ہمارے لئے سب برابر ہے موجودہ حکومت نے نہ تو سیاسی بنیادوں پر کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کی ہے اور نہ ہی کسی کو سیاسی بنیادوں پر نشانہ بنایا ہے

موجودہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں عوام کے مسائل کے حل کو ایک جگہ جمع کر حکومت میں آئیں، ہماری حکومت کی کارکردگی کا فیصلہ آنے والے وقت میں عوام اور میڈیا کے دوست کریں گے، صوبائی وزراء و اتحادی جماعتیں

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے معاون خصوصی عثمان ڈار اور مشیر خزانہ ڈاکٹر حفیظ شیخ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزراء و اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز نے بلوچستان کے حکومت کے دو سالوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے کرپشن کا خاتمہ کردیا ہے بلکہ 2 سالوں کے دوران تمام شعبوں پر یکساں ترقی دی گئی ہے بلکہ سیاست کی بجائے ضروریات کی بنیاد پر حکومتی و اپوزیشن حلقوں میں یکساں منصوبے دیئے گئے ہیں، موجودہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں عوام کے مسائل کے حل کو ایک جگہ جمع کر حکومت میں آئیں، ہماری حکومت کی کارکردگی کا فیصلہ آنے والے وقت میں عوام اور میڈیا کے دوست کریں گے، بلوچستان

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

سیاحتی مقامات کے فروغ کیلئے منصوبہ بندی کا آغاز کیا جائے، وزیراعظم

سیاحت کے فروغ اور بین الصوبائی روابط اور کوآرڈینیشن کو بہتر بنانے کیلئے نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی برائے سیاحت کے قیام کا فیصلہ

سیاحتوں کے فروغ سے معاشی عمل میں تیزی آئیگی اور مقامی آبادیوں کے لئے نوکریوں اور روزگار کے مواقع میسر آئیں گے

سیاحتی مقامات کے فروغ اور تعمیر و ترقی کے لئے حکمت عملی و منصوبہ بندی کا فوری طور پر آغاز کیا جائے، عمران خان کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس میں سیاحت کے فروغ اور اس حوالے سے بین الصوبائی روابط اور کوآرڈینیشن کو بہتر بنانے کے لئے نیشنل کوآرڈینیشن کمیٹی برائے سیاحت کے قیام کا فیصلہ کرلیا گیا۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ملک میں سیاحت کے فروغ کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات کے حوالے سے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر برائے بحری امور سید علی حیدر زیدی، وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان، معاونین خصوصی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، سید ذوالفقار عباس بخاری، ڈاکٹر شہباز گل، وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشیر آصف محمود، صوبائی چیف سیکرٹری صاحبان و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر ملک میں سیاحت کے فروغ اور

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

صوبائی وزراء میر شکور، احمد بلیدی، سردار یار محمد رند، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر اسد بلوچ، میر سلم احمد کھوسہ اور صوبائی مشیر عبدالخالق ہزارہ حکومت کی دو سالہ کارکردگی پر پریس بریفنگ دے رہے ہیں

جماعت اسلامی ایف اے ٹی ایف کے قوانین کی منظوری کے گناہ میں شریک نہیں، سراج الحق

مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ایف اے ٹی ایف سے متعلق بلوں کی منظوری میں بہت اچھے سہولت کار کا کردار ادا کیا

عوام نے ہمیں اپنے لیے قانون سازی کیلئے پارلیمنٹ میں بھیجا وہ بین الاقوامی اداروں کی نوکری اور غلامی کررہے ہیں، سراج الحق

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ایف اے ٹی ایف کے قوانین کی منظوری کے گناہ میں شریک نہیں، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ایف اے ٹی ایف سے متعلق بلوں کی منظوری میں بہت اچھے سہولت کار کا کردار ادا کیا، عوام نے ہمیں اپنے لیے قانون سازی کیلئے پارلیمنٹ میں بھیجا وہ بین الاقوامی اداروں کی نوکری اور غلامی کررہے ہیں۔ جمعہ کو یہاں امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے پارلیمانی رپورٹرز سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پاکستان کے پاس اس وقت 64.6 ٹن سونے کے ذخائر موجود ہیں، ورلڈ کونسل نے فہرست جاری کردی

اگست 2020 میں سونے کے سب سے بڑے ذخائر 8133.5 ٹن امریکا کے پاس ہیں، جرمنی دوسرے نمبر پر ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) ورلڈ گولڈ کونسل نے دنیا کے ایسے ممالک کی فہرست جاری کی ہے جن کے پاس سونے کے سب سے زیادہ ذخائر موجود ہیں اور فہرست میں پاکستان 44 ویں نمبر پر ہے اور اس کے پاس اس وقت 64.64 ٹن سونے کے ذخائر ہیں جو کہ اس کے مجموعی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

دو سال مایوسیاں پھیلانے والوں کیلئے انتہائی مایوس کن سال رہے، وزیر اطلاعات

دائیں اور بائیں کی بجائے عمران خان نے لوگوں کو صحیح اور غلط کی سیاست کی طرف مائل کیا، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ یہ دو سال مایوسیاں پھیلانے والوں کیلئے انتہائی مایوس کن

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ یہ دو سال مایوسیاں پھیلانے والوں کیلئے انتہائی مایوس کن سال رہے۔ ٹوئٹر پر اپنے

عمران صاحب میڈیا پر ڈھول بجانے سے دو سال کی منفی کارکردگی مثبت نہیں ہوجائے گی، مریم اورنگزیب کا وزراء کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وفاقی وزراء کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب میڈیا پر ڈھول بجانے سے دو سال کی منفی کارکردگی مثبت نہیں ہوجائے گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دو سال میں ہر شعبہ کی تباہی ہوئی ہے اور ان سے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کی سادگی اسکیم پر عمل کرکے 75 کروڑ روپے کی بچت کی، ادارے میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنایا، مراد سعید

نوجوانوں کی وزارت کی کارکردگی 53 ارب سے 103 ارب پر چلی گئی، 92.2 بلین کا نقد ریلیف دیا، وزیر مواصلات کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی سادگی اسکیم پر عمل کرتے ہوئے 75 کروڑ روپے کی بچت کی اور ادارے میں شفافیت اور احتساب کو بھی یقینی بنایا۔ جمعہ کو یہاں وزارت کے ساتھ اپنی دو سالہ کارکردگی کی رپورٹ پیش

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بولان میں ہیٹ اسٹروک کے باعث ایک ڈرائیور جاں بحق دوسرے کی حالت غیر ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بولان میں ہیٹ اسٹروک کے باعث ایک ڈرائیور جاں بحق دوسرے کی حالت غیر ہوگئی لیویز کے مطابق جمعہ کو بولان میں گورکرت کے مقام پر ہیٹ اسٹروک کی وجہ سے ٹرک ڈرائیور محمد مراد جاں بحق جبکہ شریعت خان کی حالت غیر ہوگئی لیویز نے لاش کو ہسپتال منتقل کردیا جبکہ بے ہوش ہونے والے شخص

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے لیبیا یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر دوست بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

خضدار میں 12 سالہ بچہ ڈیم کے پانی میں ڈوب کر جاں بحق

خضدار (این این آئی) خضدار میں 12 سالہ بچہ ڈیم کے پانی میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا تفصیلات کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بوستان میں ٹریفک حادثہ دو افراد جاں بحق دو زخمی

کوئٹہ (این این آئی) بوستان میں ٹریفک حادثہ دو افراد جاں بحق دو زخمی لیویز کے مطابق جمعہ کو بوستان کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بی این پی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کو رہا وائرس کا شکار

کوئٹہ (این این آئی) بی این پی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کو رہا وائرس کا شکار

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کے بوڑھے والدین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنایا جائے، کبیر احمد محمد شہی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی نے تربت میں بلوچ

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

حکومت نے مشکل حالات میں بھی معاملات پر جس طرح قابو پایا اس کی تفصیل عوام کے سامنے آنی چاہئے، بیرسٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی حکومت کی دو سالہ کارکردگی، اہم کارناموں اور اقدامات پر بحث کیلئے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

عبدالرزاق داؤد سے ازبکستان کے مشیر الامور کی ملاقات دوطرفہ تجارتی و معاشی تعلقات کو فروغ دینے پر بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد سے ازبکستان کے مشیر الامور نے ملاقات کی جس

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ایف سی اہلکار کے ہاتھوں تربت میں نوجوان کے جاں بحق ہونے کا واقعہ ناقابل برداشت ہے، شیریں مزاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر انسانی حقوق شیریں مزاری نے کہا ہے کہ ایف سی اہلکار کے ہاتھوں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 07 افراد میں کرونا وائرس کی تصدیق

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 07 افراد میں کرونا وائرس

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

سکھر جنونی شخص نے بیوی، بچیوں سمیت گھر کے 11 افراد کو قتل کردیا

سکھر ضلع کی تحصیل پنوعاقل میں جنونی شخص نے بیوی، بچیوں، بھابھی اور بھتیجیوں سمیت گھر کے 11 افراد کو قتل کردیا

مرنے والوں میں 6 خواتین اور 5 بچے شامل بے رحمی سے گلا کاٹ کر قتل کیا گیا، پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا، 3 بیٹے بھی زیر حراست

سکھر (این این آئی) سکھر ضلع کی تحصیل پنوعاقل میں جنونی شخص نے بیوی، بچیوں، بھابھی اور بھتیجیوں سمیت گھر کے 11 افراد کو قتل کردیا مرنے والوں میں 6 خواتین اور 5 بچے شامل ہیں، متوفین کو بے رحمی سے گلا کاٹ کر قتل کیا گیا، پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے، سینئر افسر پولیس کا ذاتی توازن ٹھیک نہیں بتایا جاتا، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کینٹ تھانہ پنوعاقل کی حدود میں گاؤں محمد حسن انڑ میں وہاب اللہ انڑ حزامی شخص نے چند دھار آنے سے اپنی بیوی رقیہ، تین بیٹیوں اقرا، امرا، ثریا،

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ قتل کیس میں انصاف کا بول بالا ہوگا، ضیاء لانگو

آئی جی ایف سی ساؤتھ نے مقتول کے خاندان کو یقین دلایا کہ ریاستی اداریان کو انصاف ضرور فراہم کریں گے

حیات بلوچ قتل کے ملزم کو موقع پر گرفتار کرکے پولیس کے حوالے کردیا گیا تھا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ریاستی ادارے اپنے فرائض بخوبی سرانجام دے رہے ہیں، حیات بلوچ قتل کیس میں انصاف کا بول بالا ہوگا، حیات بلوچ قتل کے ملزم کو موقع پر گرفتار کرکے پولیس کے حوالے کردیا گیا تھا اور آئی جی ایف سی ساؤتھ نے مقتول کے خاندان کو یقین دلایا کہ ریاستی اداریان کو انصاف ضرور فراہم کریں گے، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ضروری نہیں کہ کسی ادارے میں کوئی ایک فرد جرم کرے تو اس کا ذمہ دار حکومت یا ریاستی ادارے ہوں، حکومت کا کام ہے عوام کو انصاف کی فراہمی یقینی بنانا اور مجرم کو کٹہرے تک پہنچانا، جس پر حکومت مطمئن آمد یقینی بنا رہی ہے اور اس کا واضح ثبوت

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بہت جلد پاکستان تھری جی فور جی فون بنیں گے، سید امین الحق کا اعلان

ہم نے کورونا وبا کے باوجود آئی ٹی برآمات بڑھائیں، آئی ٹی برآمات پچھلے برس تین کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں

آکسفورڈ میں برس میں آئی ٹی برآمات کا ہدف پانچ ارب ڈالر ہے، امریکہ میں ہم متبادل فیصد آئی ٹی مصنوعات برآمد کرتے ہیں، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے کہا ہے کہ بہت جلد پاکستان تھری جی فور جی فون بنیں گے، ہم نے کورونا وبا کے باوجود آئی ٹی برآمات بڑھائیں، آئی ٹی برآمات پچھلے برس تین کروڑ ڈالر سے بڑھ کر ایک ارب تین کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں، آکسفورڈ میں برس میں آئی ٹی برآمات کا ہدف پانچ ارب ڈالر ہے، امریکہ میں ہم متبادل فیصد آئی ٹی مصنوعات برآمد کرتے ہیں، آکسفورڈ آئی ٹی برآمات کا ہدف یورپی یونین اور مصر ہے، آکسفورڈ میں وزیراعظم آئی ٹی پارک کا

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کسی انکوائرے کی تحقیق میں اضافہ نہ ہونے دے، پرائس کنٹرول کمیٹی کی بجائے غریب عوام کے حقوق کا خیال رکھے

کوئٹہ (آن لائن) مصنوعی انکاسیہ دوا کی قیمتوں میں اضافہ نہ ہونے دے، پرائس کنٹرول کمیٹی ملی بھگت کی بجائے غریب عوام کے حقوق کا خیال رکھے، ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا نور محمد، جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا قاری عبداللہ مولانا فتح

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سی ایف سی بحیثیت ادارہ حیات بلوچ کے لواحقین کیساتھ کھڑا ہے، میجر جنرل سرفراز علی

ایف سی نہ صرف آئی ای ڈی لگانے میں ملوث دہشتگردوں اور حیات بلوچ کے قتل میں ملوث ملزم کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کا ارادہ کیے ہوئے ہے

انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے، کسی فرد یا دہشت گرد تنظیم کو بلوچستان کے امن و امان میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ترجمان ایف سی بلوچستان (ساؤتھ)

تربت (این این آئی) آئی جی ایف سی ساؤتھ کی مقتول حیات بلوچ کے گھر آمد، لواحقین کا اب تک کی کارروائی پر اطمینان کا اظہار، تفصیلات کے مطابق آئی جی ایف سی میجر جنرل سرفراز علی نے گزشتہ دنوں جاں بحق ہونے والے طالبعلم حیات بلوچ کے لواحقین سے ان کے گھر پر ملاقات کی اور تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم حیات بلوچ کے اغوا کے فم میں برابر کے شریک ہیں۔ اور لواحقین کا ایف سی بحیثیت ادارہ حیات بلوچ کے لواحقین کے ساتھ کھڑا ہے۔ انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے، حیات بلوچ کے والد اور بھائی نے اس کیس میں ایف سی کی بروقت کارروائی کو سراہا جس میں ملزم کو بغیر کسی دباؤ یا تاخیر کے پولیس کے حوالے کیا گیا اور معاملے کی تفتیش میں مدد کی اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے حیات بلوچ کے اہل خانہ نے اعتماد کا

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلوچستان اپنے قدرتی وسائل کی وجہ سے اہمیت کا حامل صوبہ ہے

اہل فکر و علم معاشرے میں تہذیب و شائستگی پر مبنی رویوں کو فروغ دینے اور فکر و نظر کے ذریعے معاشرے کی کردار سازی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں

براہوی اور بی سوسائٹی کی جانب سے وسائل اور فنڈز کی کمی کے باوجود سینکڑوں کتابوں اشاعت پر براہوی شعراء و ادبا خراج تحسین کے مستحق ہیں امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ اہل فکر و علم معاشرے میں تہذیب و شائستگی پر مبنی رویوں کو فروغ دینے اور فکر و نظر کے ذریعے معاشرے کی کردار سازی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، گورنر یاسین زئی نے کہا کہ براہوی اور بی سوسائٹی کی جانب سے وسائل اور فنڈز کی کمی کے باوجود سینکڑوں کتابوں اشاعت پر براہوی شعراء و ادبا خراج تحسین کے مستحق ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں براہوی اور بی سوسائٹی کے ممبران میں قیوم بیدار اور جنرل سیکرٹری نور خان محمد حسنی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے شاعروں، ادیبوں اور دانشوروں پر زور دیا کہ وہ کھول و پیچ میں اپنی قوم کی حقیقی تشخص اور انسان دوستی پر مبنی اصل امیج کو اجاگر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اپنے جغرافیہ اور قدرتی وسائل کی وجہ سے خصوصی اہمیت کا حامل صوبہ ہے۔ یہاں کے لوگ نہایت

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے عثمان ڈار اور حفیظ شیخ کی ملاقات، کامیاب جوان پروگرام کے تازہ ترین اعداد و شمار پر بریفنگ

عمران خان کا کامیاب جوان پروگرام میں پیشرفت پر مایوسی، بریفنگ لینے کا فیصلہ، عثمان ڈار کو ہر ماہ بعد جائزہ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

معیشت بہتر بنانے کیلئے نوجوانوں کو اسٹیک ہولڈر بنانا ہوگا، نوجوانوں کو ہر وہ سہولت دیں گے جس سے وہ روزگار کے مواقع حاصل کریں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کامیاب جوان پروگرام میں پیشرفت پر مایوسی بریفنگ لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے معاون خصوصی عثمان ڈار کو ہر ماہ بعد جائزہ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم عمران خان سے معاون خصوصی عثمان ڈار اور مشیر خزانہ حفیظ شیخ نے ملاقات کی جس میں وزیراعظم کو کامیاب جوان پروگرام کے تازہ ترین اعداد و شمار پر بریفنگ دی۔ ملاقات میں پروگرام کے تحت نوجوانوں میں رقم کی تقسیم کا عمل تیز کرنے پر مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سے وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ سندھ یونیورسٹیز کے فوکل پرسن میر مشتاق علی شیخ کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ سندھ یونیورسٹیز کے فوکل پرسن میر مشتاق علی شیخ نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی، اس موقع پر گورنر یاسین زئی نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ جاری

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ہیلتھ انشورنس کارڈ کی تقسیم کا عمل تیز کرنے کا فیصلہ، 3 ماہ بعد جائزہ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

وزیراعظم عمران خان کا کامیاب جوان پروگرام کے تحت نوجوانوں میں رقم کی تقسیم کا عمل تیز کرنے پر مشاورت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پارٹی قیادت کے فیصلے پر حکومت چھوڑنے کیلئے تیار ہیں، اچکزئی

اگر مرکزی جماعت نے حکومت چھوڑنے کی ہدایت کی تو ہم اسکے فیصلے کی پابندی کرتے ہوئے صوبائی حکومت چھوڑ دیں گے

حکومت میں رہنے یا نہ رہنے کے فیصلے کے حوالے سے پوری پارٹی ایک پیج پر ہے، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ حکومت میں رہنے یا نہ رہنے کے فیصلے کے حوالے سے پوری پارٹی ایک پیج پر ہے اگر مرکزی جماعت نے حکومت چھوڑنے کی ہدایت کی تو ہم اسکے فیصلے کی پابندی کرتے ہوئے صوبائی حکومت چھوڑ دیں گے، صوبائی حکومت کے سامنے اپنے مطالبات پیش کئے ہیں جس پر حکومت نے عملدرآمد کی یقین دہانی کروائی ہے صوبے میں آبادی کے تناسب کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے اضلاع اور ڈویژن کا قیام ضروری ہے حیات بلوچ کی بازیابی کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کا ارادہ کیے ہوئے ہے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

حکومت آزاد کشمیر نے کرونا وبا پھیلنے کے پہلے مرحلے میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی پابندی کو اس طرح بحال کرنے کی ہدایت دیدی

مظفرآباد (این این آئی) حکومت آزاد جموں و کشمیر نے کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے عزائم کی سرگرمیوں پر لگائی گئی پابندی کو حقائق اس اوپی پر عملدرآمد کی شرط پر بحال کرنے کی اجازت دیدی ہے۔ محکمہ داخلہ حکومت آزاد کشمیر کی جانب سے جاری

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بلوچ بلڈ بنک جو تمام سہولیات سے آراستہ ہے اس کی رجسٹریشن کی راہ میں جان بوجھ کر رکاوٹیں صرف اور صرف تعصب کی نشاندہی کرتا ہے، میر غلام نبی مری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے اپنے ایک بیان میں بلوچ بلڈ بنک کیساتھ بلوچستان سیف بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کی رکاوٹ کے گئے بارہ اور متعصبانہ پالیسی اور سلوک کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ بلڈ بنک کی بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام کیلئے بڑا رنگ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

دو سالوں کے دوران ملک کو کرائسز میں دھکیلنے کے ساتھ ساتھ بلوچستان کو مزید پسماندگی کا شکار بنایا گیا ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک میں حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کرتے ہوئے آئین کی بالادستی، عوام کے حقوق، جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے، دو سالوں کے دوران ملک کو کرائسز میں دھکیلنے کے ساتھ ساتھ بلوچستان کو مزید پسماندگی کا شکار بنایا گیا ہے، یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ دو سالوں کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید 130 بیلیپ ایئر کا افتتاح کر رہے ہیں

محکمہ منصوبہ بندی اور ترقی فنڈز کیلئے مختص کی گئی رقوم پر نظر ثانی کرے، اختر لانگو

محکمہ بروقت مراسلہ نہ پہنچنے کے سبب پی اے سی کے اجلاس میں شرکت نہ کرسکا، شرکت نہ کرنے پر محکمہ پی اے سی سے معذرت چاہتا ہے

فنڈز میں کمی کی وجہ سے کئی اسکیمات ادھوری رہ جاتی ہیں جس سے صوبہ کا نقصان ہوتا ہے، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

کوئٹہ (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین اختر حسین لانگو کی صدارت میں بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ مواصلات اور محکمہ خزانہ کے ساتھ آڈٹ پیرا زیر بحث آئے اجلاس میں محکمہ مواصلات نے مختلف پیرا پر وصول کی گئی رقوم کی دستاویزات پیش کیں ازسرنو آڈیٹر جنرل نے تصدیق کی جس پر کمیٹی نے پیرا ازسرنو کر دیئے محکمہ کے ساتھ دوسرے دن کے اجلاس میں پی اے سی نے محکمہ کے کمپلائنس رپورٹ بھی طلب کی ہیں۔ اجلاس کے دوسرے سیشن میں محکمہ خزانہ کے آڈٹ پیرا زیر بحث رہے اجلاس میں سیکرٹری محکمہ خزانہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عمران خان کا کوئی کاروبار نہیں مگر اسلام آباد میں چار سو کنال پر محل ہے، پلوشہ خان

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات نیشنل پارٹی پلوشہ خان نے کہا ہے کہ عمران خان کا کوئی کاروبار نہیں مگر اسلام آباد میں چار سو کنال پر محل ہے۔ اپنے بیان میں پلوشہ خان نے کہا کہ عمران خان کا کوئی کاروبار نہیں تو چار سو کنال پر قائم محل کے اخراجات

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

کورونا کے کیسز میں دوبارہ سے اضافہ قابل تشویش ہے، رحیم آغا

عوام الناس کو احتیاط برتنے کا اظہار کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر پر عمل درآمد کیا جائے تاکہ کرونا وبا پر کنٹرول قائم کیا جاسکے، انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، سابق نصرالدین کاکڑ، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، حاجی اسلم ترین، سید حیدر آغا نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی کی پریس کانفرنس پر انجمن تاجران بلوچستان کے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعی کورونا کے کیسز میں دوبارہ سے اضافہ قابل تشویش ہے اور اس سلسلے میں تاجروں اور عوام الناس کو احساس ذمہ داری کا مظاہرہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی کے سفیر احمد یاس، غیر ملکی وفاقی وزیر برائے وفاقی پیداوار زبیدہ جلال سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

20 اگست 2020ء

حکومت کے دوسالوں کی کارکردگی

صوبائی وزراء اتحادی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز نے بلوچستان کے حکومت کے دوسالوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے کرپشن کا خاتمہ کردیا ہے، بلکہ 2 سالوں کے دوران تمام شعبوں پر یکساں ترقی دی گئی ہے بلکہ سیاست کی بجائے ضروریات کی بنیاد پر حکومتی واپوزیشن حلقوں میں یکساں منصوبے دیئے گئے ہیں، موجودہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں عوام کے مسائل کے حل کو ایک چیلنج سمجھ کر حکومت میں آئیں، ہماری حکومت کی کارکردگی کا فیصلہ آنے والے وقت میں عوام اور میڈیا کے دوست کرینگے، بلوچستان میں آباد کسی بھی زبان یا قوم سے تعلق رکھنے والا بلوچستانی ہے اور ہمارے لئے سب برابر ہے موجودہ حکومت نے نہ تو سیاسی بنیادوں پر کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کی ہے اور نہ ہی کسی کو سیاسی بنیادوں پر نشانہ بنایا ہے جب موجودہ حکومت دو دسال قبل برسراقتدار آئی تو تب اس سے بہت سے چیلنجز کا سامنا تھا بلوچستان کی ترقی بری طرح سے متاثر ہوچکی تھی، گڈ گورننس کا فقدان تھا، چیزوں کی سمت درست نہ تھی محکموں کی کارکردگی بہتر اور ترقی کو سمت دینے کی ضرورت تھی، موجودہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں عوام کے مسائل کے حل کو ایک چیلنج سمجھ کر حکومت میں آئیں تعلیم، صحت سمیت مختلف محکموں میں بہتری کے ساتھ قانون سازی کی جانب پیشرفت کی اقتدار سنبھالتے ہی صوبائی حکومت نے پی ایس ڈی پی کا پوسٹ مارٹم کیا تو اس میں ڈھائی ہزار ایسے منصوبے شامل تھے جن کا کوئی سر اور نہ پیر جن کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ان کیلئے تھرو فارورڈ کم کرکے 250 ملین کردیا اور بجٹ میں ایسے منصوبے شامل کئے کہ جن کو بروقت مکمل کرنا ممکن ہو ماضی میں ضمی میزانیہ بہت زیادہ ہوتا تھا پہلے سال 26، دوسرے سال 27 ارب روپے کا ضمنی بجٹ تھا جسے اس سال ہم کرکے 20 ارب روپے تک لے آئے حالانکہ اس دوران ہمیں کورونا وائرس اور ٹڈی دل جیسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا دونوں مسائل سے نمٹنے کیلئے اربوں روپے فنڈز جاری کرنے کے باوجود ضمنی بجٹ کو بڑھنے نہیں دیا محکمہ صحت کے شعبے میں بہت سی مشکلات کا سامنا تھا، کوئٹہ میں پی جی ایم آئی کو 20 سال بعد بحال کیا، فاطمہ جناح ہسپتال اور شیخ زید ہسپتال کی بہتری کے ساتھ محکمہ صحت میں 1700 آسامیاں تھی مختلف ڈی ایچ کیو ہسپتالوں کا درجہ بڑھایا، تعلیم کے شعبے میں بجٹ کو ڈی سینٹرلائز کردیا گیا کوئٹہ میں ایک ڈائریکٹریٹ کام کرتا تھا جس سے اب اضلاع کی بنیاد پر لے گئے انٹر کالجز کو ڈگری کالج کا درجہ دیا مزید کالجز کو ڈگری کا درجہ دے رہے ہیں اس دوران حکومت نے قانون سازی کی جانب بھرپور توجہ دی، پبلک فنانس ایکٹ منظور کرکے اس بات کو یقینی بنایا کہ پہلے منصوبہ منظور ہو پھر اس کیلئے فنڈز جاری ہوں تاکہ فنڈز کے ضیاع کو روکا جاسکے اب ایسا طریقہ بنایا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو اسی دور میں ہی مکمل کرلیا جائے امید ہے حکومت کی مزید اقدامات سے صوبے کے حالات اور ترقی میں مزید بہتری آئے گی۔

پاکستانی اور انڈین میڈیا: دونوں طرف ہے آگ

میں حیران ہوتا ہوں کہ ہمارے ملک میں گزشتہ کئی عشروں تک دہشت گردی کا بازار گرم رہا اور آج بھی اس کی باقیات موجود ہیں لیکن مجال ہے

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

ہمارے پرنٹ یا الیکٹرانک میڈیا میں کسی ایسی اردو کتاب کا تذکرہ کیا گیا ہو جو اس موضوع پر کسی پاکستان نگھاری نے تصنیف کی۔ ہاں مغربی میڈیا نے اس پر بہت سی کتابیں تحریر کیں، ان کے بعض معروف میگزینوں میں دہشت گردی اور اس کی روک تھام کے لئے کئی مضامین بھی لکھے گئے جو ظاہر ہے انگریزی میں تھے۔ لیکن میری نظر میں اردو زبان کے کسی بھی میگزین یا اخبار میں ایسے آرٹیکل شاذ ہی دیکھنے اور پڑھنے کو ملے جن میں اس موضوع پر کوئی سیر حاصل اور پروفیشنل اعتبار سے قابل اعتبار یا وقیع تحریر لکھی گئی۔ دوسری طرف پرنٹ میڈیا ہو کہ الیکٹرانک میڈیا، سیاسی موضوعات پر کالموں، مضامین اور بحث ومباحثے وغیرہ کی کوئی کمی دیکھنے کو نہ ملے گی۔ ہم کیسی قوم ہیں کہ اپنی ترجیحات کا ادراک نہیں کرتے۔ بس بات بن کر ناک شوز دیکھتے سنتے رہتے ہیں یا خاموش اور بے زبان قارئین بن کر اخباروں کے اداریتی صفحات کو الٹتے پلٹتے رہتے ہیں۔

میں ایک اور بات پر بھی اکثر حیران ہوتا ہوں کہ پاکستان کے ہمسایوں میں بھی ایک طویل عرصے سے جنگ وجدل کی سی کیفیت ہے۔ مثلاً ہم جانتے ہیں کہ بھارت ہمارا دشمن نمبر ایک ہے۔ اس نے گزشتہ 20 برسوں میں اپنے ہاں غیر ملکی اسلحہ جات کے ڈھیر لگا دیئے، دن رات ایل او سی پر حملے ہوتے رہے (اور آج بھی ہو رہے ہیں) لیکن اس کی وہی خبریں ہمارے میڈیا پر آتی ہیں جو آئی ایس پی آر کی طرف سے جاری کی جاتی ہیں۔ کسی ٹی وی چینل کی سکرین پر آج تک ایل او سی کے کسی گھرانے کے افراد کو لا کر اس کی زبان سے وہ حالت زار نہیں سنوائی گئی جس کا واویلا صرف اور صرف نیوز ریڈرز یا کوئی اینکرز کرتے رہتے ہیں۔ شہید ہونے والوں کے لواحقین کو آج تک کسی نے کسی ٹی وی ٹاک شو میں بلا کر اس سے دریافت نہیں کیا کہ اس کے شہید (یا شہدا) پر کیا گزری اور اب وہ خود کس حال میں ہیں۔ کبھی کوئی اخباری نمائندہ ایل او سی پر پہنچ کر زخمی ہونے والے مردوں اور خواتین کے انٹرویو ریکارڈ کرکے میڈیا پر نہیں لایا نہ ہی کسی نے وہ تمام تفصیلات پرنٹ میڈیا پر کسی سیر حاصل مضمون کی صورت میں شائع کیں

میں حیران ہوتا ہوں کہ ایسا کیوں ہے؟ کیا پاک فوج نے ایل او سی پر جانے اور مرنے والوں یا زخمی ہونے والوں کے لواحقین سے رابطہ کرنے سے منع کر رکھا ہے؟ کیا حکومت یا فوج کی پالیسی یہ ہے کہ انڈیا کی طرف سے ڈھائے جانے والے ان مظالم کی کوئی تفصیل میڈیا پر نہ دی جائے؟..... اگر ایسا ہے تو اس کا برملا اظہار کرنے میں کیا قباحت ہے؟..... کیا اس قسم کے انٹرویوز، کالم یا مضامین غیر ملکی میڈیا نے نشر یا شائع نہیں کئے اور کروائے جاسکتے؟ کیا اگر ایسا کیا جائے تو اقوام متحدہ میں پاکستان کا کیس زیادہ مضبوط نہیں ہوجائے گا؟

میں حیران ہوتا ہوں کہ پاکستان کا کوئی لکھاری اردو یا انگریزی زبان میں ایل او سی پر خود جا کر کوئی ایسی باتصویر کتاب شائع کیوں نہیں کرتا جو بین الاقوامی ضمیر کو بیدار کرنے میں ایک موثر رول ادا کرے۔ ہم روزانہ اپنے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کو خود ہی سناتے رہتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ دوسری اقوام خود ظلم وجور وستم کی ان داستانوں کو سن کر پاکستان کے موقف کی تائید کریں گی..... ہم کتنے نادان اور کیسے بھولے پنچھی ہیں۔

دوسری طرف 15 جون کو انڈیا کے 20 فوجی چین کی PLA نے مار دیئے..... وہ دن اور آج کا دن، انڈیا اور تو کچھ نہیں کرسکتا لیکن واویلا تو مچا رہا ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ انڈین آرمی بھی چین کی اس "جارحیت" کا ترکی بہ ترکی جواب دیتی اور چین کے اگر زیادہ نہیں تو کم از کم 20 سولجرز ہی ہلاک کر دیتی۔ وہ ایسا تو نہ کرسکی لیکن اس کا میڈیا دن رات چین کی اس "عسکری دراز دستی" کا ڈھنڈورا پیٹ رہا ہے۔ فرانس سے 5 رافیل طیارے منگوانے کا ناٹک اس تواتر اور اس "تزک واحتشام" سے رچایا گیا کہ خود انڈیا کے اندر کئی واقفان حال دانتوں میں انگلیاں داب کر بیٹھ گئے۔ فرانس سے اڑ کر ان طیاروں کا امارات آنا، وہاں رات بھر قیام کرنا، پھر وہاں سے پرواز کرکے بحر ہند کی حدود میں داخل ہونا اور وہاں انڈین نیوی سے رابطہ کرکے اپنی "آمد" کو ایک عظیم Event بنانا، پھر دو SU-30 کی حفاظتی پشتیبانی میں ان 5 رافیلوں کو انبالہ ائربیس پر اترتے ہوئے دکھانا وغیرہ وغیرہ کس کو ڈرانے اور مرعوب کرنے کے اقدامات تھے۔ انڈیا کے دو سولجرز جو چین کے ہاتھوں مارے گئے، ان کے لواحقین ان خبروں کو دیکھ دیکھ اور سن سن کر کیا تاثر لیتے ہوں گے؟..... اشرفیاں لٹ گئیں تو کوکوں کو سر بمہر کردیا گیا!

میں حیران ہوتا ہوں کہ یہ انڈیا ہمارا کیسا ہمسایہ ہے کہ چندی گڑھ سے اڑان بھرنے والے غیر ملکی ٹرانسپورٹ طیاروں (AN-32 اور C-17 وغیرہ) کو لداخ اور دولت بیگ اولدی میں اترتے ہوئے دکھانے کی خبروں کے ساتھ ساتھ بتایا جاتا ہے کہ رشین ٹی۔90 ٹینک چین کی سرحد پر پہنچا دیئے گئے ہیں اور اب کوئی "چینی سورما" اس طرف میلی آنکھ سے تو دیکھے، لگ پتہ جائے گا!..... پھر خبریں فلیش کی گئیں کہ زمینی اور فضائی راستوں سے 30 ہزار تازہ دم انڈین فوجی لداخ میں اتار دیئے گئے ہیں!..... چلو چھپی ہوئی، اب چین کی عسکری قیادت کے چھکے چھڑانے کی گھڑی آن پہنچی ہے..... دوسری طرف چین چپ چاپ بیٹھا ہے۔ کسی چینی میڈیا کی طرف سے اس بھاری انڈین کمک (Reinforcement) پر کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا۔ کسی چینی نیوز چینل یا اخبار نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ہم نے تبت اور سنکیانگ میں دو کوروں کی نفری بہت پہلے سے متعین کر رکھی ہے جو ان 30 ہزار بھارتی فوجیوں کا "مٹلو" ٹھپ سکتی ہے۔ یاد رہے کہ انڈیا کی طرف سے جن 30 ہزار ٹروپس کو لداخ بھجوانے کا دعویٰ کیا گیا ہے تو یہ نفری تقریباً ایک کور (تین ڈویژن) بنتی ہے۔ ایک ڈویژن میں دس سے بارہ ہزار فوجی ہوتے ہیں اور اس حساب سے ایک کور میں 30 سے 35 ہزار فوجی ہو گئے۔ انڈیا نے جب بار بار 30,000 ٹروپس کی لداخ میں آمد کا شور مچایا تو بھارت کے کئی سینئر ریٹائرڈ فوجی افسروں کی سمجھ میں یہ بات نہ آسکی کہ کیا لداخ میں ایک نئی کور پہنچا کر اس کا "اچار" ڈالا جائے گا؟ لداخ، جموں اور کشمیر میں تو پہلے ہی تین کوریں موجود ہیں (14 کور، 15 کور اور 16 کور)..... اب اس نئی کور کی آمد کا مقصد کیا چین سے باقاعدہ لارج سکیل کی کسی لڑائی (Battle) کی تیاری کی جارہی ہے؟.....

اب ایک ماہ رہ گیا ہے، لداخ میں اور اکتوبر سے شدید سردی شروع ہوجائے گی اور ان 30 ہزار ٹروپس کا بھگوان ہی رکھوالا ہوگا۔ انڈین میڈیا دن رات ان سولجرز کی قوت حرب وضرب کا چرچا کرتا رہا ہے۔ کہتا رہا ہے کہ ان میں "سپیشل ٹروپس" بھی ہیں جن سے مراد وہ آفیسرز اور جوان ہیں جن کو گوریلا وار فیئر کا خصوصی تجربہ حاصل ہوتا ہے، جو چھاتہ بردار (ائر بورن) آپریشنوں میں استعمال کئے جاتے ہیں یا جن کو ہم پاکستان میں SSG کہتے ہیں۔

انڈین آرمی ایک پروفیشنل آرمی ہے۔ اس کو معلوم ہے کہ ایک نئی کور کو کسی نئی جگہ بھجوانے میں انتظام و انصرام کی دشواریاں کیا ہوتی ہیں۔ ان کا اسلحہ بارود، راشن پانی، پٹرول، خیمے، کھانے پکانے کے انتظامات، اسلحہ اور ایمونیشن ذخیرہ کرنے کے اقدامات، میڈیکل، نقل وحرکت کی SOPs وغیرہ کے انتظامات میں کیسی کیسی مشکلات حائل ہوتی ہیں۔ میں حیران ہوتا ہوں کہ اگر انڈین آرمی میں پیشہ ورانہ امور کی کوئی شد بد ہے تو یہ 30,000 ٹروپس کا ڈھنڈورہ جو انڈین میڈیا پیٹ رہا ہے، کتنا درست ہے یا کیا یہ اپنی پبلک کو خوش کرنے، اسے دلاسا دینے اور اس کا مورال اونچا کرنے کی سبیلیں ہیں؟.....

اکتوبر سے مارچ تک کے 6 ماہ لداخ میں شدید سردی کے مہینے ہوتے ہیں۔ ان میں ایک نئی کور کو ڈیپلائے کرنا کوئی آسان کام نہیں..... اب یا تو انڈین میڈیا جھوٹ بول کر اپنی پبلک اور افواج کا مورال بلند کرنے کی ناکام کوشش کررہا ہے یا بین الاقوامی برادری میں اپنے ابلاغی رول کی جگ ہنسائی کروا رہا ہے۔ آخر ٹائمز آف انڈیا "NDTV" دی ہندو، انڈیا ٹوڈے وغیرہ جیسے ابلاغی اداروں کی اپنی ایک پہچان اور وقعت بھی تو ہے۔ آج کا دور میڈیا کا "وبائی دور" ہے، اس میں جھوٹ یا ایکٹنگ زیادہ دیر تک چھپی نہیں رہ سکتی، اس لئے مجھے یقین ہے کہ انڈیا کو اپنے یہ 30,000 سولجرز اکتوبر سے پہلے پہلے واپس لے جانے ہوں گے یا اگر ان کو جموں کشمیر کی کوروں سے لیا گیا ہے (جسے فوجی اصطلاح میں Milking کہتے ہیں) تو ان کو واپس ان کوروں میں بھجوانا پڑے گا۔ لیکن میں حیران ہوتا ہوں کہ آج کے جدید عسکری ماحول میں انڈیا جیسا بڑا ملک اور اس کی بڑی فوج یہ ڈینگیں کیوں مار رہی ہے..... اگر پاکستانی میڈیا عسکری امور کی ابجد سیکھنے کی کوشش نہیں کرتا تو اس کا دشمن نمبر ایک بھی تو یہی کچھ کر رہا ہے۔ یعنی دونوں طرف ہے آگ برابر لگی ہوئی!

جب ہم نے ائینہ دیکھایا تو وہ برامان گا

اپنے ملک کے علاقے کو علاقہ غیر کہہ کر تباہی کے دہانے پر پہنچانے والے آج نقشے بنا بنا کر کشمیر کو اپنانا چاہتے ہیں، جو ظلم کشمیر میں ہو رہا ہے اس

کائنات ملک

سے کئی گنا بدتر حال تو پاکستان آرمی کے ہاتھوں وزیرستان کا ہے، آج کسی ریاستی ادارے میں ہمت ہے کہ امن مارچ کی آواز سنے؟ پی ٹی ایم کی سپورٹ سماجی ورکر

گلالئی اسماعیل کی فیس بک پر پانچ اگست کو بھارت کے مقبوضہ کشمیر پر کرفیو کو ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر پاکستان کی طرف سے یوم استحصال منانے اور پاکستان کا سیاسی وسرکاری نقشہ جس میں مقبوضہ کشمیر کو پاکستان کا حصہ دکھانے پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے لکھا تو میں نے ان کے اس سوال کے جواب میں اپنے کمنٹس میں لکھا کہ آپ لوگ اپنے مسائل کے حل کے لیے مذاکرات۔ کی میز پر کیوں نہیں اتے قومی سیاسی دھارے کا حصہ کیوں نہیں بنتے پاکستان مخالف بیان دینا اور پاکستان پاک فوج کو بدنام کرنا چھوڑ دیں یہ اچھی بات نہیں ہے۔ آپ کے ایسے بیانے کو آپ کی قوم بھی ریجیکٹ کرتی ہے۔ اب لوگ سچ جھوٹ کی تمیز سیکھ گے ہیں۔ پاکستان کے خلاف استعمال ہونا بند کریں۔ لوگوں کو پتہ ہے کون ملک دشمن عناصر معصوم لوگوں کو بہکا کر اپنے مذموم مقاصد کے لیے ان کو استعمال کرتے ہے اور ان ڈالر کی صورت سپورٹ کررہے

ہیں آگو جوابی کمنٹس میں گلالئی اسماعیل نے لکھا ۔۔کہاں ہے مذاکرات کی میز؟ ہمشہ پی ٹی ایم نے مذاکرات کی دعوت منظور کی ہے۔ لیکن بات کبھی دعوت سے آگے کیوں نہیں جاتی؟ پچھلے سال مذاکرات کی دعوت کے بعد میں خود مذاکراتی میٹنگ میں شامل تھی، میٹنگ کے کچھ دن بعد ٹوکر میں لوگ قتل کیے گئے اور پی ٹی ایم کی آدھی لیڈر شپ کو جیل میں ڈال دیا گیا؟ ایسے ہوتے ہیں مذاکرات؟؟؟ اور مین سٹریم کیا ہوتا ہے؟ عمران خان دھرنا کرے اور نعرے لگائے تو یہ مین سٹریم سیاست ہے اور پی ٹی ایم پاکستان کے شہروں میں جلسہ کرے تو یہ مین سٹریم نہیں ہوتا؟؟؟ پاکستان کا پارلیمنٹ کیا مین سٹریم نہیں ہے؟ محسن داوڑ اور علی وزیر کوئی پہاڑوں پر تو نہیں بیٹھیں، اسی پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، اور کیا ہوتا ہے مین سٹریم؟ پاکستان کے کس میڈیا چینل نے آج تک کسی پی ٹی ایم لیڈر کو کیا اپنے شو پر بلایا ہے؟ کون مین سٹریم سے باہر کرنا چاہتا ہے ہمیں؟؟؟ آپ کی اس بات کا جواز تب بنتا اگر پی ٹی ایم کوئی گوریلا گروپ ہوتا۔ پی ٹی ایم ایک سیاسی تحریک ہے اور جلسے کرنا ایک انتہائی مین سٹریم سیاسی عمل ہے، جلسے، جلوس اور احتجاج کا حق آئین میں لکھا ہے، آپ کیسے کسی آئینی حق کو مین سٹریم سے باہر کا نام دے رہی ہیں؟ بہتر ہوگا کہ پاکستان کی افواج اور ادارے اس ملک کے لوگوں کے خلاف استعمال ہونا بند کریں۔ ہم نے جواب

دیتے ہوئے اپنے کمنٹس میں لکھا۔۔

پرامن جلسہ جلوس کرنا اپنے حق کی خاطر اواز بلند کرنا ہر پاکستانی شہری کا آئینی حق ہے، اسے یہ حق پاکستان کا آئین دیتا ہے۔

وہ حق ان سے کوئی بھی نہیں چھین سکتا مگر پاکستان اور فوج کے خلاف نفرت انگیز مواد تقسیم کرنا اشتعال بھری تقریریں کرنا پاکستان کے آئین کے خلاف ہے۔ ایسا کوئی حق کسی کو بھی حاصل نہیں۔ بات پھر وہی اکر رکتی ہے۔ کہ جنگ مسئلے کا حل نہیں ہے۔ ہر مسئلے کا حل صرف اور صرف مذاکرات ہیں۔ اب دل کو بڑا کرکے اس کی طرف قدم تو بڑھائے ۔اپ کی یہ جدوجہد اس وقت رنگ لائے گی جب اپ کی ذات سے اپ کے علاقے اور لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ اپ ایک زہین خاتون اور بہت پیاری اچھی سوشل ورکر ہیں۔ خود کو ضایع مت کریں۔ اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی مطلب میرے اس کمنٹس کے بعد گلالئی اسماعیل نے مجھے بلاک کردیا۔ کیا ایسے لوگ اپنے حق کی لڑائی لڑتے ہیں۔ کیا ایسے لوگ مسائل کا حل چاہتے ہیں۔ کیا ایسے لوگ سچ بولنے کی ہمت کر کے کیا واقعی مذاکرات کی میز پر انا چاہتے ہیں۔ اور جب ان سے مذاکرات ہو رہے ہوں۔ تو اپنی بات کہ کر دوسرے کی بات سنے بغیر میدان سے بھاگ جاتے ہیں۔ اگر یہ لوگ سچے ہیں تو انہیں تو ڈنکے کی چوٹ پر سب فیس کرنا چاہیے۔ مگر ان کی ان سرگرمیوں سے صاف پتہ چلتا ہے۔ کہ یہ لوگ کن کے اشاروں اور فنڈنگ پر چل رہے ہیں

۔جب جب ملک دشمن عناصر ملک

اور فوج کے خلاف بات کریں گے۔ تب تب انہیں ہر محب وطن پاکستانی کی طرف سے ان کو بھرپور جواب دیا جائے گا۔ اج اس غریب منظور پشین سے پوچھے کہ وہ راتوں رات امیر کیسے ہوا۔ مہنگی گاڑی۔ مہنگے پلاٹ کہاں سے اے ان کے پاس کوئی جواب ہے۔ اور بات کرتے ہیں میری پاک فوج اور ملک کے خلاف جب اپنا فائدہ اٹھانا ہو تو اپنے فائیدے کے لیے ائین کے حق کو استعمال کرتے ہیں۔ اور پھر اسی ملک کے بنائے ہوئے ائین اور ان اداروں کے خلاف بات بھی کرتے ہیں۔ اب یہ چورن بیچنا چھوڑ دینا چاہیے۔ اب پاکستانی قوم جاگ چکی ہے۔ اب پاکستان اور اس کے اداروں اور پاک فوج کے خلاف بولنے والا چورن اب بکنے والا نہیں ہے۔ پاکستان قدرت کا کرشمہ اور لاکھوں قربانیوں کے بعد حاصل ہوا ہے۔ اس کو ہم کیسے دشمنوں کے رحم۔ کرم پر چھوڑ سکتے ہیں۔ جو دشمن ملک یہ سوچتے ہیں اور وہ اس غلط فہمی کا شکار ہیں۔ کہ خدانخواستہ دنیا کے نقشے سے پاکستان کا نام ونشان مٹا دیں گے۔ تو وہ دشمن وطن یہ بات اچھی طرح سن لے اور اپنے پلو سے باندھ لیں۔ یہ صرف تمہاری خام خیالی ہے ۔تمہارا ناپاک وجود تو مٹ کر خاک ہوجائے گا۔ مگر میرا پاک وطن تاقیامت سلامت رہے گا یوں اباد شاد رہے گا۔ اس وطن کے بائیس کروڑ عوام پاکستان سے پیار کرتی ہے۔ اور کبھی ضرورت پڑنے پر ہر گھر سے سپاہی نکل کر پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونگے۔ اج ملک امن اور خوشیوں کا گہوارہ بنا ہوا ہے۔ تو اس دھرتی پر پاک فوج کا خون ان کی شہادتیں ہیں۔ لازوال بے مثال قربانیاں ہیں۔ کبھی سوچا کتنے ماؤں کی گود اجڑی۔ کتنے بچے یتیم۔ ہوے۔ کتنی عورتیں بیوہ ہوئی۔ کبھی تم لوگوں نے ان کے گھروں میں جا کر ان کا حوصلہ دیکھا۔ میری حکومت پاکستان اور پاک فوج سے ریکوسٹ ہے۔ کہ پی ٹی ایم کے رہنما ہمارے اپنے بچے ہیں۔ ان کو نظر انداز مت کریں۔ اگر وہ ناراض ہیں۔ تو ان کو منالیں ان کے اگر کوئی مسائل اور جائز مطالبات ہیں۔ تو اپس میں مل بیٹھ کر مسئلے کا حل نکالیں اور انہیں بھی ترقی اور سیاسی دھارے میں شامل کرکے ایک اچھا پاکستانی بننے میں ان کی مدد کریں۔ ورنہ پاکستان کا دشمن ہمارے معصوم نوجوانوں کو ہمارے خلاف بھڑکاتا رہے گا۔ ان کو ورغلاتا رہے گا پاکستان کے لوگوں کو پاکستان اور اس کی سرزمین کے خلاف استعمال کرتا رہے گا۔ پاک فوج زندہ باد پاکستان زندہ باد۔

عرب، اسرائیل شطرنج: ایک اور پسپائی

1949ء میں ریاست اسرائیل کے قیام کے بعد سے لے کر ہنوز، صیہونی ریاست کا جغرافیہ پھل پھول رہا ہے اسرائیلی حکمران، ریاست کے

مصطفیٰ کمال پاشا

جغرافیے کو اپنی تاریخ کے مطابق ترتیب دینے میں مشغول ہیں ان کی تاریخ کوئی پوشیدہ یا خفیہ نہیں ہے وہ ریاست اسرائیل کے جغرافیے کو اپنے اعلان کردہ تاریخی حقائق کے مطابق ترتیب دینے میں مشغول ہیں گزرے 72,70 سالوں کے دوران صیہونی حکمرانوں نے ایک لمحے کے لئے بھی اپنی تاریخ سے آنکھ نہیں موڑی ہے وہ اس عرصے کے دوران، اپنے تاریخی جغرافیے کی ترتیب سے بھی غافل نہیں رہے ہیں۔ گریٹر اسرائیل کی اعلان کردہ تعمیر جاری رہی اب شاید انہیں اپنے تاریخی جغرافیے کی تکمیل کے لئے ریاست اسرائیل کی سرحدوں میں تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے وہ اس حوالے سے جو کچھ کرنا چاہتے تھے کر چکے ہیں اب انہیں اپنے نجات دہندہ یعنی مسیح موعود کا انتظار ہے لیکن اس کی آمد سے پہلے، گریٹر اسرائیل کی تکمیل ضروری ہے جغرافیہ تو شاید انہوں نے مکمل کرہی لیا ہے اب تھرڈ ٹیمپل یعنی ہیکل سلیمانی کی تیسری دفعہ تعمیر کرنا باقی ہے اور یہ تعمیر وہ انہی بنیادوں پر کرنا چاہتے ہیں جن پر پہلی دفعہ کی تھی جس کی تکمیل ان کے بیٹے سلیمانؑ نے کی تھی پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے بنی اسرائیل کو عروج بخشا۔ ان پر من وسلویٰ اتارا لیکن ان کی نافرمانیوں اور سرکشیوں کے باعث اللہ کے عذاب کا کوڑا ان پر برسا اور وہ عیسیٰ ابن مریم کو صلیب دینے کے جرم میں ہمیشہ کے لئے راندہ درگاہ قرار پائے۔ ویسے عیسیٰؑ کو انہوں نے بظاہر موت کے گھاٹ اتار دیا تھا قرآن میں اللہ رقمطراز ہے کہ وہ زندہ آسمان پر اٹھا لئے گئے تھے۔ اس کے بعد اڑھائی ہزار سال تک یہودی دنیا میں تتر بتر رہے اور 1949ء میں ایک صلیبی سازش کے تحت ارض فلسطین میں لا بسایا گیا۔ خطہ عرب 22 مسلمان ممالک پر مشتمل ہے اور اس میں 428 ملین مسلمان بستے ہیں 51,13 ملین کلومیٹر (مربع) رقبہ قدرتی وسائل بشمول تیل وگیس سے مالا مال ہے جبکہ اسرائیل کا رقبہ صرف 22 ہزار مربع کلومیٹر اور آبادی 91 لاکھ نفوس پر مشتمل ہے، 72,70 سال گزرنے کو ہیں عرب ممالک کیا 56 مسلم ممالک بھی مل جل کر فلسطینی بھائیوں کو ان کے حقوق نہیں دلا سکے ہیں۔

اسرائیلی حکمران اقوام عالم کے "احکامات" کی بھی پرواہ نہیں کرتے، اقوام عالم نے خطے میں ارض فلسطین میں دو ریاستیں (یہودی ریاست، فلسطینی ریاست) قائم کرنے کی منصوبہ سازی کے ذریعے اسرائیل تخلیق کیا تھا اسرائیل اپنے قیام کے روز اول سے ہی اقوام عالم کی طے شدہ حدود کو پامال کرتا رہا ہے تاکہ گریٹر اسرائیل قائم کیا جاسکے اب تھرڈ ٹیمپل کی تعمیر کے بعد گریٹر اسرائیل کے قیام کا صیہونی خواب شرمندہ تعبیر ہوجائے گا۔ پونے دو کروڑ مسلمانوں کے 59 سے زائد ممالک جن میں کئی ایک ملٹری پاور بھی ہیں اور ایک ملک تو ایٹمی طاقت بھی ہے اسرائیل کے خواب کو شرمندہ تعبیر ہونے سے روکنے کی سکت نہیں رکھتے۔

اب باتیں سفارت اور سیاست سے نکل کر طاقت اور صرف طاقت پر آن پہنچی ہیں جہاں تک طاقت کا سوال ہے معاشی وعسکری طاقت کے لحاظ سے اہل عرب کسی طور بھی کمزور نہیں ہیں لیکن اس طاقت کے "منصفانہ استعمال" کے حوالے سے مخلص اور قابل قیادت شاید ہمارے ہاں موجود نہیں ہے۔

صیہونی اور صلیبی قیادت نے تمام ایسے اقدامات بڑی تندہی کے ساتھ کئے ہیں جن کا نتیجہ افتراق و انتشار اور کمزوری کی صورت میں نکلا ہے آج ہم ہر طرح کے انتشار کا شکار ہیں ہمارے ہاں اسرائیل کو تسلیم کرنے، ایک حقیقت ماننے اور تسلیم کرنے یا نہ کرنے کے اعتبار سے فکری وعملی انتشار پایا جاتا

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

شعبہ تعلیم میں اصلاحی اقدامات

بلوچستان میں شعبہ تعلیم میں اصلاحات ناگزیر ہے گزشتہ دنوں صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ہمارا سسٹم کولیپس کرگیا ہے، اس کو دوبارہ

بہتر بنانے کیلئے ملکر وار ادا کرینگے ،بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے دفتر میں بھی عملہ موجود نہیں ،صوبے میں تعلیمی نظام تباہی کا دہانے پر پہنچ گیا، محکمہ تعلیم میں کرپشن اور بے ضابطگیوں میں ملوث آفیسران کے خلاف کارروائی کرکے انہیں نشان عبرت بنایا جائے گا ملازمین کی غیر حاضری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا غیر حاضر افسران اور دیگر عملے کے انکوائریاں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز محکمہ ایجوکیشن کے ڈائریکٹریٹ کے اچانک دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، پیر کے روز صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند اچانک محکمہ تعلیم کے دفاتر کے دورے پر پہنچا تو ایجوکیشن ڈائریکٹریٹ کے دفتر میں 90 فیصد افسران اور دیگر عملہ ڈیوٹیوں سے غائب پایا گیا جن میں ڈائریکٹرز سکولز محمد جان رضا، ڈائریکٹر کالجز، ارباب حمید درانی، ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ ایولوشن منیر احمد نودیزئی، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن شیر احمد سالانی، ڈپٹی ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ ایولوشن زولیخہ، ایڈیشنل ڈائریکٹر فائنانس فہمیدہ خانم، اکاؤنٹس آفیسر راجہ منظور احمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر جوڈیشل سید ساجد شاہ ترمزی، ڈائریکٹر پیرو آفس کیرکلم نعمت کاکڑ، ڈپٹی ڈائریکٹر آڈٹ محمد ابراہیم، تمام متعلقہ برانچز کے سپرنٹنڈنٹ انچارج بمہ اسٹاف ڈیوٹی سے غائب تھے گئے، اس موقع پر آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا کہ معاملے کا نوٹس لیا ہے انکوائری کرینگے، دعوے تو بہت کرتے ہیں مگر عملی طور پر کچھ نہیں ہوا ہے غیر حاضر آفیسران کے خلاف سخت کارروائی کرینگے شکایات ملی ہیں جس کے ازالے کیلئے انکوائریاں کرائینگے، کرپشن اور بے ضابطگیوں میں ملوث آفیسران کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں نشان عبرت بنائینگے، انہوں نے کہا کہ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ میری بدقسمتی ہے کہ قلمدان سنبھالنے کے بعد کورونا وائرس آگیا جس کے دوران ہمارا سیکرٹری کورونا وائرس کا شکار ہوئے علاقے سے واپسی پر اسلام آباد جاتے ہوئے میں متاثر ہوا سردار یار محمد رند نے کہا کہ جو لوگ گھر بیٹھ کر انجوائے کررہے ہیں آج کے بعد یہ سلسلہ بند ہوگا ستمبر میں اسکولز کھل رہے ہیں اور محکمہ تعلیم اس سلسلے میں احتیاطی تدابیر کی منصوبہ بندی کو حتمی بنانے کیلئے ترجیحی اقدامات کررہا ہے باوثوق ذرائع کے مطابق محکمہ تعلیم بلوچستان نے صوبے میں

شال بقیہ 1

میں آباد کسی بھی زبان یا قوم سے تعلق رکھنے والا بلوچستانی ہے اور ہمارے لئے سب برابر ہے موجودہ حکومت نے نہ تو سیاسی بنیادوں پر کسی کے خلاف انتقامی کارروائی کی ہے اور نہ ہی کسی کو سیاسی بنیادوں پر نشانہ بنایا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزراء میر ظہور احمد بلیدی، سردار یار محمد رند، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر اسد اللہ بلوچ اور عبدالخالق ہزارہ نے آفیسرز کلب میں حکومت کی 2 سالوں کی کارکردگی سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ، وزیر داخلی بلوچستان کے کوارڈینیٹر بلال اکبر، صوبائی سیکرٹری خزانہ نور الحق بلوچ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشن نعیم خان بازئی و دیگر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ جب موجودہ حکومت دو دو سال قبل برسر اقتدار آئی تو تب اس سے بہت سے چیلنجز کا سامنا تھا بلوچستان کی ترقی بری طرح سے متاثر ہو چکی تھی، گڈ گورننس کا فقدان تھا، چیزوں کی سمت درست نہ تھی محکموں کی کارکردگی بہتر اور ترقی کو سمت دینے کی ضرورت تھی، موجودہ صوبائی حکومت میں شامل جماعتیں عوام کے مسائل کے حل کو ایک چیلنج سمجھ کر حکومت میں آئیں اس سلسلے میں ہمیں وفاقی حکومت اور سردار یار محمد رند کی بھرپور مدد اور تعاون حاصل رہا سب سے پہلے ہم نے یہ کام کیا کہ ہم نے محکموں کو ری اسٹرکچر کیا، تعلیم صحت سمیت مختلف محکموں میں بہتری کے ساتھ قانون سازی کی جانب پیشرفت کی اقتدار سنبھالتے ہی صوبائی حکومت نے پی ایس ڈی پی کا پوسٹ مارٹم کیا تو اس میں ڈھائی ہزار ایسے منصوبے شامل تھے جن کا کوئی سر اور نہ پیر جن کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ان کیلئے تھرڈ فارورڈ کم کرکے 250 فکس کر دیا اور بجٹ میں ایسے منصوبے شامل کئے کہ جن کو بروقت مکمل کرنا ممکن ہو ماضی میں کئی میزانیے بہت زیادہ ہوتا تھا پہلے سال 26، دوسرے سال 27 ارب روپے کا مختص بجٹ تھا جسے اس سال ہم کرکے 20 ارب روپے تک لے آئے حالانکہ اس دوران ہمیں کورونا وائرس اور ٹڈی دل جیسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا دونوں مسائل سے نمٹنے کیلئے اربوں روپے فنڈز جاری کرنے کے باوجود محکمہ صحت کو بڑھنے نہیں دیا محکمہ صحت کے شعبے میں بہت سی مشکلات کا سامنا تھا، کوئٹہ میں پی ٹی ایم آئی کو 20 سال بعد بحال کیا، فاطمہ جناح ہسپتال اور شیخ زید ہسپتال کی بہتری کے ساتھ محکمہ صحت میں 1700 آسامیاں تھی مختلف ڈی ایچ کیو ہسپتالوں کا درجہ بڑھایا، تعلیم کے شعبے میں بہت کوئی سٹرلائز کر دیا گیا کوئٹہ میں ایک ڈائریکٹریٹ کام کرتا تھا جس سے اب اضلاع کی بنیاد پر لے گئے انٹر کالجز کو ڈگری کالج کا درجہ دیا مزید کالجز کو ڈگری کا درجہ دے رہے ہیں اس دوران حکومت نے قانون سازی کی جانب بھرپور توجہ دی، پبلک فنانس ایکٹ منظور کرکے اس بات کو یقینی بنایا کہ پہلے منصوبہ منظور ہو پھر اس کیلئے فنڈز جاری ہوں تاکہ فنڈز کے ضیاع کو روکا جاسکے اب ایسا طریقہ بنایا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو اسی دور میں ہی مکمل کرلیا جائے۔

شال بقیہ 2

اس حوالے سے بین الصوبائی روابط اور کوآرڈینیشن کو بہتر بنانے کے لئے نیشنل کوارڈینیشن کمیٹی برائے سیاحت کے قیام کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ این سی سی کے اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیے جائیں۔ اجلاس میں صوبہ پنجاب اور صوبہ خیبر پختونخواہ میں نو رازم اتھارٹی کے قیام کے عمل کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے، سیاحتی مقامات پر ناجائز تجاوزات کے خاتمے کے فوری طور پر مہم کے آغاز، سیاحتی مقامات کے حوالے سے جامع اور مفصل ویب سائٹ پلان کی تشکیل اور نجی شعبے کے تعاون سے سیاحتی مقامات پر معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے لئے جامع منصوبہ بندی اور اقدامات کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ آئندہ دس سالوں (2020-30) کے لئے نیشنل ٹورازم سٹریٹیجی کو حتمی شکل دے دی گئی ہے تاکہ وفاق اور صوبوں کے درمیان بہتر کوارڈینیشن اور ملک میں سیاحت کے فروغ کے لئے منظم اقدامات اٹھائے جاسکیں، دس سالہ نیشنل ٹورازم سٹریٹیجی کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ پانچ سال کے لئے ایکشن پلان ترتیب دیا جاچکا ہے۔ نیشنل ٹورازم سٹریٹیجی پر عمل درآمد کے حوالے سے سیاحت کے ہر شعبے کے لئے یکساں معیار مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں مختلف ایونٹس کے لئے نیشنل کیلنڈر مرتب دیا گیا ہے۔ وزیر اعظم کو سرکاری ریسٹ ہاؤسز، گورنر ہاؤسز و دیگر سرکاری گیسٹ ہاؤسز کے مثبت استعمال کے حوالے سے لئے گئے فیصلوں پر عمل درآمد میں پیش رفت کی رپورٹ پیش کی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا ملک میں سیاحت کا بے انتہا پوٹینشل موجود ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارا مقصد ملک کے طول و عرض میں پھیلے سیاحتی مقامات کو اس انداز میں ترقی دینا ہے کہ وہ ہماری تہذیب اور ہماری سماجی اقدار کی عکاسی کریں اور سیاحوں کے لئے سیاحت کی معیاری سہولیات میسر آئیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں مختلف قسم کی سیاحتوں کے فروغ سے معاشی عمل میں تیزی آئے گی اور مقامی آبادیوں کے لئے نوکریوں اور روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس حوالے سے وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ سیاحتی مقامات کے فروغ اور تعمیر و ترقی کے لئے حکمت عملی و منصوبہ بندی کا فوری طور پر آغاز کیا جائے۔ وزیر اعظم نے سرکاری ملکیتی عمارات جن میں تاریخی عمارات، گورنر ہاؤسز، گیسٹ ہاؤسز وغیرہ شامل ہیں

شال بقیہ 3

اس سرزمین کے ویرانوں میں کئی حیات بے گور و کفن دفنا دیے جن کے والدین نہ ماتم کرسکتے ہیں اور نہ ہی انتظار، سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے جاری کردہ پیغام میں کہا ہے کہ حیات کے قتل اور اس کے والدین کی بیٹے کی لاش کے ساتھ درد بھری تصویر ہمیں اس لئے نظر آرہی ہے کہ سانحہ شہر کے وسط میں ہوا اور جسے نہ کہ صرف انسانی آنکھ نے بلکہ کیمرے کی آنکھ نے بھی سوشل میڈیا میں اجاگر کردیا ورنہ تو اس سرزمین کے ویرانوں میں کئی حیات بے گور و کفن دفنا دیے جن کے والدین نہ ماتم کرسکتے ہیں اور نہ ہی انتظار، کسی فرد واحد کو سزا دینے سے انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوپائیں گی جب تک کہ حیات اور ہزاروں لوگوں کے قتل کے پیچھے اس ذہنیت کا خاتمہ نہیں کیا جاتا۔

شال بقیہ 4

تین بیٹوں محمد احسن، محمد اسد، بہو بیگم زوجہ حبیب اللہ، پوتی بے بی نازیہ اور پوتے علی شیر سمیت گھر کے 11 افراد کو گھر میں سوتے ہوئے قتل کردیا ہے۔ گھر کے دیگر افراد جب اٹھے تھے تو ان 11 افراد کو مردہ حالت میں پایا اور واقعہ کی اطلاع پولیس کو دی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق قتل ہونے والوں میں 6 خواتین اور 5 بچے شامل ہیں۔ مقتولین کی عمریں ایک سے 42 سال کے درمیان ہیں جبکہ بچوں کی عمریں ایک سے 5 سال کے درمیان ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزم کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہے تاہم اس سے تفتیش کررہے ہیں۔ پولیس نے مقتولین کی نعشوں کو تحویل میں لے کر ضابطے کی کارروائی کے لیے بنوعاقل اسپتال منتقل کردیا ہے۔ واقعے کی مزید تحقیقات کی جارہی ہے جبکہ ایک ہی گھر میں 11 افراد کے قتل کی خبر پر علاقہ کی فضا سوگوار ہوگئی ہے۔ واقعہ کی اطلاع پر ایس ایس پی سکھر عرفان سموں جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔ ایس ایس پی سکھر نے بتایا کہ گھر کے سربراہ ملزم وہاب نے 11 افراد کو خنجر سے گلے کاٹ کر قتل کیا ہے، مقتولین میں ملزم کی بیوی، 4 بیٹیاں، 3 بیٹے، بہو، پوتی اور پوتا شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ملزم نے تمام افراد کو رات سوتے ہوئے قتل کیا، واقعے کی اطلاع ملنے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو اس کی رہائش گاہ سے گرفتار کرلیا گیا ہے۔

شال بقیہ 5

ہے، صوبائی داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اپنے فرائض احسن انداز میں سر انجام دے رہی ہے جس کے نتیجے میں عوام کا اپنے نمائندوں پر اعتماد بحال ہوا ہے۔

شال بقیہ 6

ملنسار اور مہمان نواز ہیں اور پشتون و بلوچ اقوام جاندار اقدار و روایات کے امین بھی ہیں، لہٰذا ضروری ہے کہ ان کے معاشرتی اور ثقافتی پہلوؤں کو سامنے لایا جائے، گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ ہمارا معاشرتی نظام، تہذیبی ڈھانچہ اور آثار قدیمہ کے مختلف پہلو آج بھی دنیا کی نظروں سے اوجھل ہیں جن کو آشکار کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ بنانے کی اشد ضرورت ہے، گورنر یاسمین زئی نے کہا ہے کہ سیاحت کو فروغ دیکر ہم پوری دنیا کے لوگوں کی توجہ بلوچستان کی خوبصورتی کی جانب مبذول کراسکتے ہیں، براہوی ادبی سوسائٹی کو درپیش مسائل و مشکلات کے حوالے سے گورنر بلوچستان نے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 7

کا تذکرہ کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر نوابزادہ عمر فاروق کاسی، رشید خان ناصر، جمال الدین رشتیا، سمیت دیگر بھی موجود تھے، اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ مخلوط حکومتوں کے درمیان بات چیت ہوتی رہتی ہے ہم نے حکومت کے سامنے اپنے مطالبات رکھے ہیں جنہیں بات چیت کے ذریعے حل کریں گے حکومت نے مطالبات پر عملدرآمد کی یقین دہانی بھی کروائی ہے انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کے تمام اراکین اسمبلی ایک پیج پر ہیں مرکزی جماعت نے اگر صوبائی حکومت چھوڑنے کا فیصلہ کیا تو ہم اس کے پابند ہونگے اگر ہمارے پاس پوری حکومت بھی ہو تب بھی ہم پارٹی قیادت کے فیصلے پر اسے بھی چھوڑنے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیات بلوچ نامی نوجوان کی ٹارگٹ کلنگ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ایسے واقعات مسلح تنظیموں کو قوت بخشنے کی سازش ہیں دنیا بھی کہیں بھی کسی کو بغیر ٹرائل کے قتل نہیں کیا جاتا قانون کے ہوتے ہوئے ایک غریب بلوچ کو مارنا ناقابل برداشت ہے اس دردناک واقعہ کی جوابدہی ہونی چاہیے عوامی نیشنل پارٹی کا وفد حیات بلوچ کے اظہار ہمدردی اور فاتحہ خوانی کے لئے تربت جائے گا، انہوں نے کہا کہ امن و امان کی بہتری اور تربت جیسے واقعات کے تدارک کے لئے ہمیں سویلین فورسز کی استعداد کار کو بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ صوبے میں آبادی کے تناسب کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ، ژوب، قلات میں نئے ڈویژن اور ژوب، قلعہ عبداللہ سمیت دیگر علاقوں میں نئے ڈویژن بنانے کی ضرورت ہے اس حوالے سے کاغذی کارروائی مکمل کرلی گئی ہے حکومت نے یقین دلایا ہے کہ وہ ان مسائل کا حل نکالے گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے 101 یوم استقلال پر افغان قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ افغان لویہ امن جرگہ کے ذریعے افغان حکومت اور مسلح تنظیموں نے جو امن کو فروغ دینے کا سلسلہ شروع کیا ہے وہ پایہ تکمیل تک پہنچے اور وہاں پر امن قائم ہو، انہوں نے کہا کہ افغانستان میں امن کی کرن پورے خطے کو امن دیگر پر امن جمہوری افغانستان کے بغیر خطے کی ترقی و خوشحالی ناممکن ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر عطاء گل حمزہ زئی کو پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عطاء گل ایک باخبر، شعوری شخصیت کے مالک ہیں جنکی پارٹی میں شمولیت سے پارٹی کو فائدہ پہنچے گا انہوں نے کہا کہ پشتون افغان قوم کے لئے صرف ایک ہی نظریہ جو کہ فکر باچا خان اور خدائی خدمت گاری ہے عوامی نیشنل پارٹی کے پاس اپنے ہر کارکن، رہنماء کے لئے احترام اور عزت کا فلسفہ ہے جسپر ہم سب عمل پیرا ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عطاء گل حمزہ زئی نے کہا کہ وہ اب عوامی نیشنل پارٹی کے پلیٹ فارم سے سیاسی خدمات سرانجام دیں گے عوامی نیشنل پارٹی ہر قسم کے تعصب سے پاک جماعت ہے جو کہ عدم تشدد کے فلسفے پر عمل پیرا ہے۔

شال بقیہ 8

اظہار کیا اور کیس کی کارروائی پر مطمئن نظر آئے۔ یاد رہے کہ یہ آئی جی ایف سی کی حیات بلوچ کے والد سے پہلے ملاقات نہیں بلکہ واقع کے فوری بعد آئی جی ایف سی نے جاں بحق طالبعلم کے اہل خانہ سے ملاقات کرکے تعزیت کی تھی اور بر وقت انصاف کی یقین دہانی کرائی تھی۔ عمایدین سے بات چیت کرتے ہوئے آئی جی ایف سی نے کہا کہ ہم اپنے شہریوں کی عزت و آبرو اور جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری اٹھائے ہوئے ہیں۔ اور ایسے واقعات گو کہ افسوس ناک ہیں مگر ہمارے اس عوام دوست عزم کو متزلزل نہیں کرسکتے، ایف سی بلوچستان ہمیشہ بلا تفریق حق اور مظلوم کا ساتھ دیتی رہے گی۔

شال بقیہ 9

نے کہا کہ گزشتہ روز محکمہ بروقت مراسلہ نہ پہنچنے کے سبب پی اے سی کے اجلاس میں شرکت نہ کرسکا، شرکت نہ کرنے پر محکمہ پی اے سی سے معذرت چاہتا ہے انھوں نے مزید کہا کہ ہم سرکار کے ملازم ہیں لہٰذا ہم اسمبلی اور اسکی کمیٹیز کی اہمیت و افادیت کو بہتر سمجھتے ہیں۔ اجلاس میں وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ اسمبلی سے حکومتیں بنتی ہیں اور اسمبلی صوبے کا سب سے اعلیٰ ادارہ ہے لہٰذا کسی بھی محکمے کو اسمبلی کے استحقاق کا خیال رکھنا چاہیے۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے ممبران اسمبلی سے التماس کی کہ محکمہ خزانہ کو معاف کرکے تحریک استحقاق واپس لی جائے جس پر چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ یہ کمیٹی مالیات کا سب سے بڑا فورم ہے اور عوام کے پیسوں کا حساب کتاب ہم ہی نے لینا ہے ممبران کمیٹی نے محکمہ کو تنبیہ کی کہ کسی بھی مجبوری کی صورت میں کمیٹی کو آگاہ کیا جائے کہ متعلقہ محکمہ کسی بھی مجبوری کے باعث اجلاس میں حاضر ہونے سے قاصر رہیگا۔ اجلاس میں ممبران کمیٹی نے وزیر خزانہ، سیکرٹری اسمبلی اور سیکرٹری خزانہ کے گزارشات پر اپنی تحریک استحقاق واپس لے لی۔

اجلاس کے دوران چیئرمین پی اے سی نے موقف اختیار کیا کہ ہم کسی بھی محکمے کے اچھے کاموں کو سراہتے ہیں اس سے قبل اسی فورم پر ہم نے مسئلہ اٹھایا تھا کہ جب کسی دور افتادہ علاقے کا کوئی پینشنر اپنے پنشن اور جی پی فنڈ کے لئے کوئٹہ آتا ہے تو اسے کئی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے اب محکمہ خزانہ نے پی اے سی کی سفارشات کی روشنی میں پینشنرز کے پینشن اور جی پی فنڈ کے لئے جو اقدامات اٹھائے ہیں وہ قابل تحسین ہیں چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ محکمہ منصوبہ بندی اور ترقی، فنڈز کے لئے مختص کی گئی رقوم پر نظر ثانی کرے کیونکہ فنڈز میں کمی کی وجہ سے کئی اسکیمات ادھوری رہ جاتی ہیں جس سے صوبہ کا نقصان ہوتا ہے۔ اجلاس میں ممبران کمیٹی زمرک خان اچکزئی، ثناء اللہ بلوچ، ظہور احمد بلیدی، ملک نصیر شاہوانی اور نصر اللہ زیرے محکمہ خزانہ سے سیکرٹری اور دیگر حکام نے شرکت کی۔

شال بقیہ 10

سال رہے۔ انہوں نے کہا کہ دائیں اور بائیں کی بجائے عمران خان نے لوگوں کو صحیح اور غلط کی سیاست کی طرف مائل کیا۔ انہوں نے کہا کہ ذاتی مفاد کی سیاست اور عوام کا برا چاہنے والے آئندہ بھی مایوس رہیں گے۔۔

شال بقیہ 11

کرتے ہوئے وزیر مواصلات مراد سعید نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان نے قوم کو وژن دیا اور وزیر اعظم بننے کے بعد پہلی تقریر میں جو بنیادی اصول سامنے رکھے، ہم نے اپنی وزارت میں کوشش کی کہ ہم ان اصولوں پر اپنی ذمے داری نبھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے وزیر اعظم کی سادگی مہم میں حصہ لیا اور 75 کروڑ کی بچت کی اور شفافیت کے لیے وزارت مواصلات نے سب سے پہلے اپنے منصوبوں پر ای بنگ کا آغاز کیا اور جتنے بھی منصوبے تھے وہ ای پروکیورمنٹ پر لے کر گئے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں جتنی بھی پروکیورمنٹ ہوئی، 30 ستمبر تک اس میں 100 فیصد ای پروکیورمنٹ پر چلے جائیں گے مطلب ای بڈنگ، ای بنگ اور ای مینڈرنگ پر مکمل طور پر چلے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 75 کروڑ کی سیونگ کی اور ہم نے شفافیت یقینی بنانے کے لیے آڈٹ کرکے 12 ارب 56 کروڑ روپے کی ریکوری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت اور احتساب کے بعد خود انحصاری کی بات آجاتی ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم سڑکیں تو بنائیں لیکن یہ اپنا ریونیو پیدا کرکے اپنے پیسے سے بنائیں اور خود انحصاری کی بدولت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا ریونیو 53 ارب سے 103 ارب پر چلا گیا جو 2.92 فیصد کا اضافہ بنتا ہے۔

شال بقیہ 12

ہوئے کہا کہ سینیٹ میں ہونے والی قانون سازی میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے کردار پر اعتراضات اٹھا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر ایف اے ٹی ایف سے متعلق بل جلد بازی میں منظور کیے گئے، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ایف اے ٹی ایف سے متعلق بلوں کی منظوری میں بہت اچھے سہولت کار کا کردار ادا کیا۔ سراج الحق نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے رویہ پر اظہار افسوس کیا اور کہا کہ بین الاقوامی دباؤ کے باعث سب آنکھیں بند کرکے حکومت کا ساتھ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کی دو بڑی جماعتوں کا حکومت کا ساتھ دینا قابل افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے جنہیں قانون سازی کے لیے منتخب کیا ہے وہ بین الاقوامی اداروں کی نوکری اور غلامی کررہے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ جن ٹرسٹ کے ہسپتال، سکول اور معذوروں کے ادارے قائم ہیں ان سے چھان بین نہیں ہونی چاہئے، ان فلاحی اداروں کو بین الاقوامی ایجنسیوں اور اداروں کے حوالے نہ کیا جائے۔ سراج الحق نے کہا کہ حکومت اور ان کے سہولت کار نہ تو عوام کو جوابدہ ہیں اور نہ خود کو اللہ کے سامنے ذمہ دار سمجھتے ہیں وہ خود کو بین الاقوامی اداروں کے سامنے جوابدہ سمجھتے ہیں۔۔

شال بقیہ 13

جواب نہیں آیا، دو سال میں 8.5 فیصد ترقی کی شرح 4.0 فیصد کیوں ہوئی؟ دو دن میں جواب نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ دو سال میں 13000 ارب قرض لے کر بھی نئی ایک اینٹ نہیں لگائی، دو دن میں جواب نہیں آیا؟، دو سال میں 80 لاکھ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے کیوں چلے گئے؟ دو دن میں جواب نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ دو سال میں 20 لاکھ لوگ بیروزگار ہوگئے، دو دن میں جواب نہیں آیا؟۔ انہوں نے کہا کہ دو سال میں چینی 52 سے 110 روپے کلو، آٹا 33 سے 78 روپے کلو ہوگیا، دو دن میں جواب نہیں آیا؟، دو سال میں بجلی کی قیمت میں 50 فیصد سے زائد اور گیس کی قیمت میں 300 فیصد اضافہ ہوا۔

شال بقیہ 14

کو فوری طور پر سول ہسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر میں داخل کردیا گیا۔

شال بقیہ 15

ڈخائر کا 7.20 فیصد بنتے ہیں۔ آئی ایم ایف اور ورلڈ گولڈ کونسل اعداد و شمار کے مطابق اگست 2020 میں سونے کے سب سے بڑے ذخائر 5.8133 ٹن امریکا کے پاس ہیں جو کہ اس کے مجموعی ذخائر کا 79 فیصد بنتے ہیں۔ دوسرے نمبر پر جرمنی ہے جس کے پاس 6.3363 ٹن یعنی ذخائر کا 6.75 فیصد، اٹلی کے پاس 8.2451 ٹن یعنی 3.71 فیصد، فرانس کے پاس 2436 ٹن یعنی ذخائر کا 5.65 فیصد، روس کے پاس 9.2299 ٹن یعنی ذخائر کا 0.23 فیصد، چین کے پاس 3.1948 ٹن یعنی ذخائر کا 4.3 فیصد ہیں۔ سوئٹزرلینڈ کے پاس 0.1040 ٹن یعنی ذخائر کا 5.6 فیصد، جاپان کے پاس 2.765 ٹن یعنی ذخائر کا 2.3 فیصد، بھارت کے پاس 7.657 ٹن یعنی ذخائر کا 5.7 فیصد، نیدرلینڈز کے پاس 5.612 ٹن یعنی ذخائر میں سے 4.71 فیصد، ترکی کے پاس 0.583 ٹن یعنی ذخائر میں سے 9.37 فیصد، تائیوان کے پاس 7.422 ٹن یعنی ذخائر میں سے 7.4 فیصد۔ پرتگال کے پاس 5.382 ٹن یعنی ذخائر میں سے 7.77 فیصد، قازقستان کے پاس 5.378 ٹن یعنی ذخائر میں سے 5.65 فیصد، ازبکستان کے پاس 8.342 ٹن یعنی ذخائر میں سے 60 فیصد، برطانیہ کے پاس 3.310 ٹن یعنی ذخائر میں سے 2.10 فیصد، لبنان کے پاس 8.286 ٹن یعنی ذخائر میں سے 6.1 فیصد اور دنیا میں 79.35017 ٹن سونے کے ذخائر ہیں۔ ورلڈ گولڈ کونسل کے جاری اعداد و شمار کے مطابق پاکستان اس فہرست میں 44 ویں نمبر پر ہے اور اس کے پاس اس وقت 6.64 ٹن سونے کے ذخائر ہیں جو کہ اس کے مجموعی ذخائر کا 7.20 فیصد بنتے ہیں۔۔

شال بقیہ 16

کیا، اس اندوہناک حادثے نے بلوچستان کے والدین، تعلیم یافتہ نوجوانوں، طلباء و طالبات، سول سوسائٹی اور عام عوام میں شدید حساس عدم تحفظ و خوف و ہراس کا باعث بنایا ہے بلوچستان سمیت پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں پرامن احتجاجی مظاہرے ہوئے ہیں، لہٰذا ایوان معمول کی کارروائی روک کر اس اہم اور قابل افسوس واقعہ پر تفصیل سے بحث کرائی جائیں۔ دریں اثناء رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ کی جانب سے ضلع واشک کے علاقہ ساجد میں قیامت خیز زلزلہ، مکانات کے مکمل انہدام، تعلیمی، معاشی، معاشرتی اثرات اور علاقہ کیلئے ایک جامع پالیسی وضع کے اعلان کے حوالے سے تحریک التوا اسمبلی میں جمع کردیا بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقہ ساجد میں ایک ہفتہ قبل آنیوالا زلزلہ سے سینکڑوں مکانات، اسکول، مساجد مکمل طور پر مسمار ہوگئے نہ کوئی خوراک، نہ شیلٹر، نہ ڈاکٹر اور علاقہ میں ایک بھی سرکاری یا غیر سرکاری ادارہ نظر نہیں آتا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکام کشمیر زلزلہ طرز پر ہیلپ کا اعلان کریں۔

شال بقیہ 17

افتتاح کریں گے۔ بدھ کو پاکستان سافٹ ویئر بورڈ کے زیر اہتمام آئی ایکسپورٹ ایوارڈ تقریب ہوئی جس میں وزیر آئی ٹی سید امین الحق، قائمہ کمیٹی آئی ٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید امین الحق نے کہا کہ آئی ٹی برآمدات میں اضافہ پاکستان سافٹ ویئر بورڈ کی مرہون منت ہے، آئی ٹی برآمدات میں اضافے سے قومی خزانے میں رقم بڑھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی پارکس کیلئے وزارت منصوبہ بندی سے ملکر کوشش کریں، آئی ٹی پارکس کی تعمیر میں رکاوٹیں دور کریں، بہت جلد پاکستان تھری جی فور جی فون بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں گاڑیوں کی مقامی سطح پر تیاری کی اجازت نہ دیکر غلطی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اب فون میڈ ان پاکستان بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کورونا وبا کے باوجود آئی ٹی برآمدات بڑھائیں، آئی ٹی برآمدات میں چوبیس فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی برآمدات پچانوے کروڑ ڈالر سے بڑھ کر ایک ارب تیس کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ تین برس میں آئی ٹی برآمدات کا ہدف پانچ ارب ڈالر ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ میں ہم ستاون فیصد آئی ٹی مصنوعات برآمد کرتے ہیں، آئندہ آئی ٹی برآمدات کا ہدف یورپی یونین اور مصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں اکتوبر میں وزیر اعظم آئی ٹی پارک کا افتتاح کریں گے۔۔

شال بقیہ 18

احمد جان مولانا محمد ہاشم نیشنل حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ مولانا مفتی عبدالغفور مدنی حافظ سراج الدین مولانا اشرف جان حاجی ولی محمد بزنجو "ظفر اللہ کاکڑ" میر فاروق لانگو، چوہدری محمد عاطف حاجی قاسم خان مگسی حافظ سردار محمد نورزئی حاجی صالح محمد اور دیگر نے کہا ہے کہ لاک ڈاؤن اور غربت نے پہلے سے عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کیا ہے یہ بھی سب کو معلوم ہے کہ ہر غریب گھرانے میں دودھ اور دہی کا استعمال معمول ہے اب اسے مہنگا کرکے ان کا معاشی استحصال کیا جارہا ہے جس کی اجازت جمعیت علما اسلام ہرگز نہیں دے گی انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مہنگائی کی وجہ سے جانوروں اور چارے سمیت دیگر اجناس کی قیمتوں میں کمی لاکر عوام پر رحم کیا جائے انہوں نے کہا کہ دوسری طرف بجلی، گیس سے لے کر دال، سبزی اور ٹماٹر تک ہر چیز مہنگی ہوچکی ہے جس نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ حکومت کی بے حسی کا ثبوت ہے اور ان دکھوں کی نئی ہے جنہوں نے انتخابات سے قبل عوام کے ساتھ کئے تھے، انہوں نے کہا کہ حکومت ٹماٹر، پیاز اور سبزی سستی نہیں دے سکتی تو عوام کو ایک کروڑ نوکری اور پچاس لاکھ گھر کیسے دے سکتی ہے۔۔

شال بقیہ 19

الصوبائی ہم آہنگی کو فروغ دینے اور باہمی روابط کو مضبوط اور مستحکم بنایا جائے، گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ صوبہ بلوچستان اور سندھ کے درمیان تعلقات مزید خوشگوار بنانے کے ساتھ ساتھ عوام کا عوام سے رابطوں کو فروغ دینے کی ضرورت ہے فوکل پرسن نے گورنر بلوچستان کو ستمبر میں یوتھ اور کلچر سے متعلق ہونے والے سیمینار کے انتظامات سے بھی آگاہ کیا۔۔

شال بقیہ 20

ذرائع کے مطابق چند دنوں میں 30 ہزار سے زائد نوجوانوں نے رقم کے حصول کیلئے درخواستیں دیں۔ بتایا گیا کہ نوجوانوں کی سہولت کیلئے 21 بینک رقم کی تقسیم کا عمل مکمل کریں گے اب تک 1 ارب روپے کی رقم نوجوانوں میں تقسیم کی جا چکی ہے، مزید 53 ارب روپے سے زائد رقم کے حصول کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ رقم کی تقسیم کا عمل مزید تیز اور شفاف انداز میں مکمل کیا جائے، کورونا کے معاشی عوامل پر منفی اثرات ختم کرنے کیلئے یہ پروگرام بہت ضروری ہے۔

شال بقیہ 21

کرے، میونسپل ٹیکس کی ادائیگی وقت پر کریں اور کچرے کو جگہ جگہ پھینکنے کی بجائے صرف مقررہ کچرہ دانوں میں ڈالیں، اس موقع پر میونسپل مجسٹریٹ عبدالباسط بزدار کا بریفنگ دیتے ہوئے کہنا تھا کہ میٹروپولیٹن کورٹ کے قیام کا مقصد شہر میں ہونے والے قانون کی خلاف ورزیوں کی روک تھام کرنا ہے کیونکہ میٹروپولیٹن کے مختلف ٹیمیں شیڈیول کے مطابق میٹروپولیٹن حدود میں گشت کرتے وقت اور عوامی شکایات کی بنیاد پر قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو وارننگ دیتے ہیں لیکن اسکے باوجود بھی لوگ خلاف ورزیوں سے باز نہیں آتے، میونسپل مجسٹریٹ سربلند کھوسہ کا کہنا تھا کہ کورٹ روم کے قیام سے بذریعہ میٹروپولیٹن زون انچارج، عوامی شکایات اور ہماری جانب سے کی جانے والی گشت کے دوران خلاف ورزی کرنے والوں کو سمن جاری کی جائے گی جس کے بعد میٹروپولیٹن کورٹ کے توسط سے انکے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس میں بھاری جرمانہ اور قید شامل ہیں۔

شال بقیہ 22

دوران عوام کو جو خوشنما خواب دیکھائے گئے انکی تعبیر میں عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، غربت، افلاس اور یو ٹرن کے علاوہ کچھ نہیں ملا آج بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کے دور میں شروع کئے جانے والے منصوبوں کا کریڈٹ لیا جارہا ہے صوبے میں بدامنی، غربت بڑھ رہی ہے جبکہ عوام شدید مایوسی کا شکار ہیں، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف اور میاں شہباز شریف کی قیادت میں عوام کی آواز بنی ہے اور عوام کے حقوق کی جدوجہد میں مصرف عمل ہے پارٹی کے دو سالوں کے دوران دیوار سے لگنے کی بجائے آئین کی بالادستی، جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بقاء کی جنگ

پانچ سال مدت میں تمام وعدے پورے کرونگا، سردار اسرار ترین

پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا وزیر اعظم عمران خان نے دوٹوک اعلان کر دیا ہے

اپوزیشن صرف اپنی سیاست اور ساکھ کو زندہ رکھنے کیلئے اس طرح کی باتیں کر رہی ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے زین الدین کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے کہا ہے کہ پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کریگا وزیر اعظم عمران خان نے دوٹوک اعلان کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن صرف اپنی سیاست اور ساکھ کو زندہ رکھنے کیلئے اس طرح کی باتیں کر رہی ہے جس سے عوام کے ذہنوں میں شکوک شبہات پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے لیکن عوام بخوبی جانتے ہیں کہ اپوزیشن صرف الزامات کی سیاست کر رہی ہے انکے پاس کوئی عوامی ایجنڈا نہیں انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کی تشکیل کیلئے وفاقی حکومت نے پرائمری سے ہی نصاب کو مکمل اسلامی ڈھانچے میں ڈالنے کیلئے اقدامات مکمل کر لیے ہیں جس سے ہمارے نونہال طلبہ کے ذہن مکمل اسلامی تعلیمات سے روشناس ہو سکیں گے انہوں نے کہا کہ دو سال ملک مسائل میں رہا لیکن بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

حکومت تعلیمی اداروں کو کھولنے کی احکامات جاری کریں، حضرت علی کوثر

پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے بہت زیادہ نقصانات ہو چکے ہیں، مزید تعلیمی ادارے نقصانات اٹھانے سے قاصر ہیں

کرونا اب بالکل ختم ہو چکا ہے لہذا پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ کیلئے کرونا فنڈز سے تنخواہیں دیں

کوئٹہ (آن لائن) اقرا سکولز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی صدر حضرت علی کوثر صوبائی جنرل سیکریٹری مولوی نعمت اللہ صوبائی سینئر نائب صدر قاری محمد اسلم علم یار صوبائی فنانس سیکرٹری قاری زیب الرحمن صوبائی پریس سیکرٹری مولوی محمد ہیاتی جوائنٹ سیکریٹری عبدالظاہر کاکڑ قاری رحمت اللہ فونڈی ڈاکٹر صلاح الدین کاکڑ سراج کاکڑ مولوی محمد انور و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت تعلیمی اداروں کو کھولنے کی احکامات جاری کریں کیونکہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے بہت زیادہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (ٹی ن) محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق صوبائی سلیکشن بورڈ اور مجاز حکام کی منظوری سے ڈاکٹر ملک تنویر احمد ڈسٹرکٹ ویٹرنری آفیسر (بی ایس-17) (انیمل ہیلتھ ونگ) کو سینئر ویٹرنری آفیسر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

جکومتی دو سالہ کارکردگی مدیر مسائل اور مایوسی کے سوا کچھ نہیں، مولانا واسع

لاکھوں لوگوں کو روزگار فراہم کرنے کے دعویداروں کے دور میں بے روزگاری کی شرح بدترین حد تک بڑھ چکی ہے

حکومت کی دوسالہ کارکردگی معاشی بدحالی، قادیانی لابی اور بھارت نوازی سے عبارت ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی دوسالہ کارکردگی معاشی بدحالی، قادیانی لابی اور بھارت نوازی سے عبارت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی اپنی جنرل سیکریٹری مولانا عبدالخالق مری جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب سیکرٹری اطلاعات عبدالحق شہزاد اور دیگر وفود سے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر برائے مال سلیم احمد کھوسہ زمینوں کے قبضہ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امن و امان کی مخدوش صورتحال اور ٹارگٹ کلنگ سے معاشرے میں بے چینی پھیل رہی ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

حکومت کی نااہلی اور عدم توجہ کی وجہ سے ہر شہری خود کو غیر محفوظ سمجھ رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و ممبر نیشنل ہیلتھ اسٹیٹ محمد صدیق مدنی نے ٹارگٹ کلنگ کی بدولت ممتاز تاجر حاجی گل زرین مشنے زئی اور پی ٹی ایس ایم سی گل حاجی صلاح الدین کے چیئرمین ظہیر احمد اچکزئی کے بڑے بھائی حاجی آمین اللہ لونگ باچا پر اندھا دھند فائرنگ سے شہید کرنے پر غم و غصہ کی اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کی نااہلی اور عدم توجہ کی وجہ سے ہر شہری خود کو غیر محفوظ سمجھ رہا ہے اور عوام امن و امان کی مخدوش صورتحال سے سخت پریشان ہیں جس کی وجہ سے معاشرے میں بے چینی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ حکمرانوں نے معصوم شہریوں کو دہشت پھیلانے والوں کے رحم و کرم بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

اس سال بھی محرم الحرام نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا، حسن وقار چیمہ

کرونا وائرس کے پیش نظر حفاظتی تدابیر پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر

حب (ٹی ن) ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ کے زیر صدارت میں محرم الحرام کے جلوس و اجلاس کے سلسلے میں کیے گئے انتظامات اور امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سنی اور اہل تشیع کے نمائندوں، ضلعی پولیس آفیسر پرویز عمرانی اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ ایڈیشنل ضلعی افسر پولیس دوشیزہ ثمینہ محکمہ صحت و دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی اجلاس میں کہا گیا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی محرم الحرام نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا لیکن کرونا وائرس کے پیش نظر حفاظتی تدابیر پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

DSP سہیوی اختر علی بگٹی کی زیر نگرانی SHO دودا و مظفر علی کی کارروائی، ناموزوں ملزم بڈھا خان گرفتار

صحبت پور (نامہ نگار) DIG نصیر آباد شہاب عثمانی اور SSP صحبت پور جناب سردار حسن خان موسیٰ کی ہدایت پر DSP سہیوی اختر علی بگٹی کی زیر نگرانی SHO دودا و مظفر علی نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ضلع صحبت پور میں ایک غلط روایت قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، سلمان خان کھوسہ

تمبر دین (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے صدر سلمان خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ضلع صحبت پور میں ایک غلط روایت قائم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اس لئے تمام علاقائی معتبرین تمام سیاسی پارٹیاں ایک ہو کر اس بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

وفاقی پولیس نے چوری، منشیات فروشی و دیگر جرائم میں ملوث 11 ملزمان گرفتار کر لئے

اسلحہ اور منشیات برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی پولیس نے چوری، منشیات فروشی و دیگر جرائم میں ملوث 11 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس، بیئر وائن، شراب، بیئر، مال مسروقہ اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد عامر ذوالفقار خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی آئی جی آپریشنز وقار الدین سید نے ضلع بھر کے افسران کو منشیات فروشی اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری اور مال بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

معاشرے کے اصلاح کے لئے علمائے کرام کی روشن کردار کسی سے پوشیدہ نہیں، مولانا محمد عارف الحسنی

علمائے کرام صالح معاشرے کی قیام کے لئے ممبر و محراب سے موثر آواز بلند کریں

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے رہنما ون نے کہا کہ معاشرے کے اصلاح کے لئے علمائے کرام کی روشن کردار کسی سے پوشیدہ نہیں، علمائے کرام صالح معاشرے کی قیام کے لئے ممبر و محراب سے موثر آواز بلند کریں علما کرام معاشرے کو عریانی و فحاشی سے آلودہ نہیں ہونے دینگے باطل طاقتیں اسلام اور پاکستان کے خلاف متحد ہو کر مختلف طریقوں سے حملہ آور ہیں ان سے مقابلے کے لئے امت مسلمہ کا اتحاد ناگزیر ہے۔ معاشرے میں فحاشی و عریانی مغرب کی تہذیبی یلغار ہے جو امت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

حیات بلوچ کا قتل ظلم کی انتہا ہے جسکی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، رحمت صالح بلوچ

حیات بلوچ کی شہادت سے جو خلاء پیدا ہو گیا اسے صدیوں تک پر نہیں کیا جا سکتا ہے، سابق صوبائی وزیر

پنجگور (این این آئی) پنجگور نیشنل پارٹی کے صوبائی نائب صدر اور سابق صوبائی وزیر میر رحمت صالح بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ تربت کیچ میں ایف سی اہلکار کے ہاتھوں حیات بلوچ کا قتل ظلم کی انتہا ہے جسکی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں حیات بلوچ کی شہادت سے نہ صرف مکران بلکہ پوری بلوچستان کی فضاء سوگوار ہے۔ اس طرح کے نوجوان کو سرعام قتل کر کے کیا پیغام دینا چاہتے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان کا بلوچستان کی ترقی کے لئے جدوجہد قابل تحسین ہے، نواب خان دومڑ

نوجوان نسل کے لئے آئیڈیل ہے اور محدود وسائل میں ان کا کردار مثالی ہے

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی کا بلوچستان کی ترقی کے لئے جدوجہد قابل تحسین ہے نوجوان نسل کے لئے آئیڈیل ہے اور محدود وسائل میں ان کا کردار مثالی ہے، پاکستان تحریک انصاف کے نامزد ایسٹ ریجن بلوچستان ہر فورم پر انکے ساتھ کھڑی ہے پی ٹی آئی کے نامزد ایسٹ ریجن بلوچستان کے صدر نواب خان دومڑ، جنرل سیکرٹری میر عطاء اللہ کھیتران اور ڈسٹرکٹ زیارت کے صدر سیال خان کا گورنر بلوچستان بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

نوشکی پولیس اہلکار نے گھریلو تنازعے پر فائرنگ کر کے اپنے سالے کو زخمی کر دیا

نوشکی (آن لائن) نوشکی پولیس اہلکار نے گھریلو تنازعے پر فائرنگ کر کے اپنے سالے کو زخمی کر دیا تفصیلات کے مطابق نوشکی گلی غریب آباد میں جاوید ولد محمد وقاص ساکن کوئٹہ کو انکے بہنوئی نے اپنے گھر میں گھریلو تنازعہ کے باعث فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور خود موقع سے فرار ہو گئے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پولیو ایک موذی مرض ہے، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوراب ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ

اپنی نئی نسل کو ہر صورت اس سے محفوظ رکھنا ہے اس کے لئے ہمیں مل کر پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا

سوراب (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سوراب ڈاکٹر محمد اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ پولیو ایک موذی مرض ہے، اپنی نئی نسل کو ہر صورت اس سے محفوظ رکھنا ہے اس کے لئے ہمیں مل کر پولیو مہم کو کامیاب بنانا ہوگا، اس سلسلے میں والدین، سماجی کارکنان، قبائلی شخصیات اور علماء کرام بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی گڈ گورننس ناکام ہو چکی ہے، میر محمد صادق عمرانی

صوبائی حکومت نام کی کوئی چیز موجود نہیں ہے بلوچستان کی نیشنل پارٹی وے کو ہی پیک میں شامل کیا جائے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی کی مین بازار سے گزرنے والی قومی شاہراہ کشمرات میں تبدیل ہونے کے باوجود نیشنل پارٹی وے انتخابی کی چشم پوشی قابل جرم ہے بلوچستان بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

اوتھل، محکمہ تعلیم لسبیلہ کی اراضی پر قبضے کیخلاف احتجاجی ریلی مین قومی شاہراہ سے گزر رہی ہے

بلوچستان میں پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد اضافہ ہو رہا ہے، ملک مصلح الدین مینگل

ہم بلوچستان میں پولیو کو مکمل طور پر اس وقت ختم کر سکتے ہیں جب ہم اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے

کوئٹہ (پ ر) سی ایم کمیٹی کے ممبر بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما معروف قبائلی شخصیت ملک مصلح الدین مینگل نے کہا ہے کہ ہم بلوچستان میں پولیو کو مکمل طور پر اس وقت ختم کر سکتے ہیں جب ہم اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت اپنی بھرپور کوشش جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے تمام والدین اور بچوں کے سرپرستوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ مرض کے مکمل خاتمے کیلئے حکومت کی کوششوں کا حصہ بنیں اور اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

حکومت اگریکلچر کے شعبے کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے، مختیار احمد رند

زمینداروں کے مسائل اور ریسرچ سے متعلق امور کیلئے ہماری خدمات چوبیس گھنٹے سروس کے طور پر حاضر ہیں

بولان (این این آئی) ڈپٹی ڈائریکٹر اگریکلچر ریسرچ ونگ کچھی مختیار احمد رند نے کہا ہے کہ حکومت اگریکلچر کے شعبے کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے زمینداروں کے مسائل اور ریسرچ سے متعلق امور کیلئے ہماری خدمات چوبیس گھنٹے سروس کے طور پر حاضر ہیں مقامی کسان اور زمینداروں کے تمام جملہ مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ گندم کی فصل کی کاشت کیلئے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو محکمہ مواصلات و تعمیرات بلوچستان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیب کی جانب سے وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کو دوبارہ طلب کئے جانے کا امکان ذرائع

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) لاہور کی تحقیقاتی ٹیم غیر قانونی شراب لائسنس اجرا کیس میں وزیر اعلیٰ عثمان بزدار کے جواب سے مطمئن نہ ہو سکی۔ ذرائع کے مطابق بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

پاکستان تحریک انصاف کو کوئٹہ شہر کے عوام نے مینڈیٹ دیا ہے، ادریس تاج

انہیں کبھی مایوس نہیں ہونے دیں گے، ملک کی ترقی کے لئے بلوچستان کا ترقی کرنا ضروری ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ادریس تاج نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کو کوئٹہ شہر کے عوام نے مینڈیٹ دیا ہے، انہیں کبھی مایوس نہیں ہونے دیں گے۔ ملک کی ترقی کے لئے بلوچستان کا ترقی کرنا ضروری ہے۔ بلوچ کارکنوں کے وفد سے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

محکمہ ایکسائز کے 2011 میں بھرتی کیے گئے سینکڑوں ملازمین کو ایک بار پھر فارغ کر دیا گیا ہے، زاہد بلوچ محمد حسنی

عدالتی حکم میں جو انکوائری کا وقت دیا گیا تھا اس کے ڈیڑھ سال بعد ملازمین کو فارغ کرنے کا مقصد صاف نظر آ رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) ایکسائز یونٹ کے صدر زاہد بلوچ محمد حسنی نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز کے 2011 میں بھرتی کیے گئے سینکڑوں ملازمین کو ایک بار پھر فارغ کر دیا گیا ہے عدالتی حکم میں جو انکوائری کا وقت دیا گیا تھا اس کے ڈیڑھ سال بعد ملازمین کو فارغ کرنے کا مقصد صاف نظر آ رہا ہے کہ یہ بدنیتی پر مبنی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، میر نور محمد دمڑ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں صوبائی حکومت صوبے کے پسماندگی اور محرومیوں کا خاتمہ کرنے کا عزم کیا ہے

حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع کی ترقی میرا مشن ہے مسائل حل کر کے دم لیں گے، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

برنالی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی سماجی و معاشی ترقی، امن و امان کا قیام موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اقتدار سنبھالتے ہی حکومت بلوچستان نے اقدامات شروع کئے ہے جو کہ عوام کے سامنے ہے آج کل واٹر پلانٹ کی بلوچستان کی پسماندگی اور محرومیوں کے ذمہ دار ہے جنہوں نے اپنے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

لاکھڑا بی اے پی کے ضلعی رہنما شاہنواز حسن جاموٹ، تحصیلدار لاکھڑا سردار زادہ نصیر احمد جاموٹ و دیگر تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نام نہاد قوم پرستی کی سیاست کا سورج طلوع ہو رہا ہے، میر عبدالرحمان زہری

اب یہ زیادہ دیر تک عوام کو دروغ گو سیاست سے ورغلا نہیں سکتے ہیں، مسلم لیگ (ن) خضدار

خضدار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) خضدار کے صدر سابق چیئرمین خضدار میر عبدالرحمان زہری، عبید محمد ایڈووکیٹ، میر شہزاد ساسولی، محمد حسن موسیانی، عطاء اللہ موسیانی، ڈاکٹر حضور بخش زہری و دیگر نے زہری خضدار میں شمولیتی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ نام نہاد قوم پرستی کی سیاست کا سورج طلوع ہو رہا ہے اور اب یہ زیادہ دیر تک عوام کو دروغ گو سیاست سے ورغلا نہیں سکتے ہیں۔

تربت کیچ میں ایف سی اہلکار کے ہاتھوں حیات بلوچ کا قتل ظلم کی انتہا ہے، علی حسن بلوچ

بلوچ قوم کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو نشانہ بنا کر ان کو تعلیم سے دور رکھنے کی سازشوں میں مصروف ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) نیشنل پارٹی تحصیل اوستہ محمد کے سابق صدر علی حسن بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بلوچ قوم کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو نشانہ بنا کر ان کو تعلیم سے دور رکھنے کی سازشوں میں مصروف ہیں اور تربت کیچ میں ایف سی اہلکار کے ہاتھوں حیات بلوچ کا قتل ظلم کی انتہا ہے جسکی ہم پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں حیات بلوچ کی شہادت سے نہ صرف مکران بلکہ پوری بلوچستان کی فضا سوگوار ہے۔

جشن آزادی 14 اگست 2020 سپورٹس فیسٹیول ژوب ڈویژن کا آغاز

رنگا رنگ تقریب کے ساتھ عرفان کاسی اسٹیڈیم ژوب میں ہوگا فیسٹیول 19 سے 20 اگست تک جاری رہے گا

ژوب (آن لائن) جشن آزادی 14 اگست 2020 سپورٹس فیسٹیول ژوب ڈویژن کا آغاز آج رنگا رنگ تقریب کے ساتھ عرفان کاسی اسٹیڈیم ژوب میں ہوگا فیسٹیول 19 سے 20 اگست تک جاری رہے گا ابتدائی تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل سپورٹس آفیسر ظفر اللہ شاہ ہوگا اور اس کے ساتھ ژوب ڈویژن کے مختلف اضلاع کے سپورٹس افسران جس میں ضلع شیرانی کے سپورٹس افسر بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، کمشنر عابد سلیم قریشی محرم الحرام کے حوالے سے علماء کرام کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

علماء کرام اتحاد بین المسلمین میں اپنا کردار ادا کریں، عابد سلیم قریشی

محرم الحرام مقدس مہینہ ہے جو ہمیں محبت اتحاد اور رواداری کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے

نصیر آباد (ٹی ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ محرم الحرام مقدس مہینہ ہے جو ہمیں محبت اتحاد اور رواداری کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام اور اس کے رفقاء نے عظیم قربانی دے کر رہتی دنیا تک یہ ثابت کر دیا کہ حق کی آواز کو کبھی بھی دبایا نہیں جا سکتا علماء کرام اتحاد بین المسلمین میں اپنا کردار ادا کریں اور علماء کے کو امن کا گہوارہ بنا کر ثابت بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او صدر کا اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائی جاری ایک اشتہاری گرفتار

خضدار (نامہ نگار) خضدار ایس ایس پی بگٹی سید خان آفریدی کی اشتہاری ملزمان کے خلاف خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سٹی بگٹی احمد کی نگرانی میں ایس ایچ او صدر محمد صالح۔ ایس آئی عبدالحق۔ ایکسکور اڈا انچارج اے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (ٹی ن) محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق مجاز حکام کی منظوری سے ڈاکٹر حمید مستوئی ایڈیشنل پرنسپل ویٹرنری آفیسر (فارم ونگ) (بی ایس-19) کو ڈائریکٹر جنرل (فارم اینڈ فیڈ ریسورس ونگ) (بی ایس-20) کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔

محکمہ تعلیم کی زمین پر قبضے کے خلاف جی ٹی اے لسبیلہ کا احتجاج

لسبیلہ بھر سے سینکڑوں اساتذہ کی شرکت، احتجاجی ریلی نکالی گئی

اوتھل (نامہ نگار) محکمہ تعلیم کی زمین پر قبضے کے خلاف جی ٹی اے لسبیلہ کا احتجاج لسبیلہ بھر سے سینکڑوں اساتذہ کی شرکت، احتجاجی ریلی نکالی گئی، شرکاء کی قبضہ مافیا کے خلاف زبردست نعرے بازی، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ اور تحصیلدار اوتھل کے جی ٹی اے کے رہنماؤں سے مذاکرات، سرکاری زمینوں پر کسی کو قبضہ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی اساتذہ کو یقین دہانی تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس سے منسلک محکمہ تعلیم کی زمین پر قبضہ مافیا کی جانب سے قبضہ کئے جانے کیخلاف گورنمنٹ گرلز ڈیسوی ایسوسی ایشن لسبیلہ کی جانب سے ایک بہت بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں ضلع بھر سے سینکڑوں اساتذہ نے شرکت کی ریلی کی قیادت جی ٹی اے لسبیلہ کے صدر عبدالعزیز روڈجو، جنیئر مین محمد بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں کارروائی گودام سے بھاری مقدار میں مشکوک ادویات برآمد

گودام میں ادویات بغیر وارنٹی، بغیر ڈرگ سیل لائسنس اور بغیر ڈسٹری بیوشن اتھارٹی کے رکھی گئی تھیں

محکمہ صحت حکام نے کوئٹہ میں کارروائی کرتے ہوئے گودام سے بھاری مقدار میں مشکوک ادویات برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت حکام نے کوئٹہ میں کارروائی کرتے ہوئے گودام سے بھاری مقدار میں مشکوک ادویات برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا، ترجمان محکمہ صحت کے مطابق بدھ کو سیکرٹری صحت بلوچستان دوشین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی انٹیگریٹڈ کمیٹی برائے محکمہ صحت کے چیئرمین ڈاکٹر نسیم کنگزیئی، سینئر ڈرگ انسپکٹر ز سرور خان کاکڑ اور دیگر معاونین عملے نے خفیہ اطلاع پر ڈمبل روڈ پر واقع گودام پر چھاپہ مار کر گودام سے بھاری مقدار میں مشکوک ادویات جن میں انجکشن اور گولیاں شامل ہیں برآمد کر کے تحویل میں لے لیں، ابتدائی تحقیقات کے مطابق گودام میں ادویات بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

تربت، آئی جی ایف سی (ساؤتھ) میجر جنرل سرفراز علی حیات بلوچ کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ہر شہر میں سول سوسائٹی اپنے اپنے علاقے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، امان اللہ

اوتھل (نامہ نگار) لسبیلہ کی انتظامیہ نے محرم الحرام کے سلسلہ میں 19 اگست 2020 کو سوک سینٹر حب کے اجلاس میں من پسند لوگوں سے مشاورت کی ہے۔ امان اللہ لاہی ترجمان لسبیلہ سول سوسائٹی امان اللہ لاہی نے 19 اگست 2020 کو ضلع لسبیلہ کی انتظامیہ کی جانب سے سوک سینٹر حب بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) ژوب ڈویژن جار اللہ کا کمشنر کمپلیکس میں مختلف محکموں کے دفاتر کا دورہ

لورالائی (ٹی ن) اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) ژوب ڈویژن جار اللہ نے کمشنر کمپلیکس میں مختلف محکموں کے دفاتر کا دورہ کیا جس میں انفارمیشن آفس، لوکل گورنمنٹ، ٹرانسپورٹ، سول ڈیفنس، آئی ٹی، اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ شامل بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

صحافت مقدس پیشہ ہے صحافی معاشرے کی آنکھ کان کا بہترین رول پلے کرتے ہیں، حافظ محمد طارق

قلم اور کیمرے کے درست استعمال سے کئی مسائل حل کیے جا سکتے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر بھاگ

بھاگ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر بھاگ حافظ محمد طارق سے جناح پریس کلب بھاگ کے صدر سمیع اللہ ایری جنرل سیکریٹری سید امجد شاہ جیلانی کی قیادت میں صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بھاگ حافظ محمد طارق نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صحافت ایک مقدس پیشہ ہے بلوچستان میں عوام کو شعور آگہی دینے کیلئے صحافی اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

پاکستان کی معاشی و انتظامی فرنٹ پر بہترین صلاحیتوں کا اعتراف عالمی سطح پر کیا گیا، فیاض الحسن چوہان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں ترقی اور تبدیلی کے دو سال مکمل ہونے پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم اور انکی ٹیم نے انتھک محنت اور جدوجہد سے تمام شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔

بلوچستان عوامی پارٹی ایک منظم سیاسی جماعت ہے جسکا اپنا ڈسپلن اور منشور ہے، ثنائیہ خان

پارٹی قائدین کے خلاف بلاوجہ احتجاج، بدتہذیبی ناقابل برداشت ہے جسکی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی خواتین ونگ کی رہنما ثنائیہ خان نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی ایک منظم سیاسی جماعت ہے جسکا اپنا ڈسپلن اور منشور ہے، پارٹی قائدین کے خلاف بلاوجہ احتجاج، بدتہذیبی ناقابل برداشت ہے جسکی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، وزیر اعلیٰ جام کمال خان اور شری رند کی قیادت میں پارٹی فعال اور متحرک ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں کچھ خواتین نے پارٹی دفتر کے باہر جمع ہو کر جو پروپیگنڈا کیا اسکی مذمت بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ڈینگی پر قابو پانے کے لئے سرتوڑ کوششیں جاری ہیں، ماہم آصف ملک

راولپنڈی (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر ماہم آصف ملک نے کہا کہ ڈینگی پر قابو پانے کے لئے سرتوڑ کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے تمام ادارے کو ہدایت کی کہ مربوط رابطہ اور موثر حکمت عملی کے تحت ڈینگی سرگرمیوں کو تیز تر کی جائے تاکہ ڈینگی کو پھیلنے روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ان ڈور اور آؤٹ ڈور سروسز کے دوران ان تمام پہلو پر کڑی نظر رکھی جائے جو کہ ڈینگی پھیلنے موجب بنتے ہیں

چمن کی عوام ملک کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے، حاجی فیض اللہ

جمعیت علماء اسلام نظریاتی عوام کی حقوق کیلئے اس وقت حق